DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 02.12.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی بھرتی کا عمل مکمل کرلیا، بلاول بھٹو سے وزیر اعلیٰ بگٹی کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے پروگرام کامیاب رہے، فیصل جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی کیلئے منصوبوں پر کام جاری ہے، سلیم کھوسہ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | ایچ آئی وی ایڈز کا خاتمہ آگاہی مہم کے بغیر ممکن نہیں، صوبائی وزیر صحت | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بلدیاتی الیکشن میں فعال امیدوار نامزد کر رہے ہیں، لیاقت لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | مشکل وقت میں ورکر ہی قیادت کا حقیقی سہارا بنتے ہیں، جمال شاہ کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | حکومت پانی کے ذخائر اور متبادل ذرائع کیلئے نئے منصوبے شروع کر رہی ہے، سردار کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | محکمہ یوتھ کو شفافیت کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے، مینا مجید | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | حب پیپلز پارٹی کا 58 واں یوم تاسیس بلاول بھٹو زرداری کا ویڈیو لنک خطاب | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ٹریفک کی روانی ترجیح ادارے اقدامات میں تیزی لائیں، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ریکوڈک 37 سال میں 74 ارب ڈالر کی آمدنی متوقع، پٹیشن کمیشن آف پاکستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | طلبہ معاشرے کی ترقی کی بنیاد اور قیمتی سرمایہ ہیں، آئی جی ایف سی نارتھ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | معاشی سرگرمیوں میں خواتین کی زیادہ شمولیت کیلئے ہراسگی سے پاک ماحول ناگزیر ہے، بلال کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں پریذائڈنگ افسروں کی تربیت کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | پولیس میں بھرتی کا عمل مکمل ایڈیشنل IGP نے تمام مراحل کی خودنگرانی کی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن سو سے زائد گیس کمپریسر قبضے میں لے لئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | کوئٹہ کسٹمز نے 27 کروڑ بیس لاکھ مالیت کی نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | اپنے ملازمین کیلئے ویلفیئر فنڈ کیلئے کوشاں ہیں، آئی جی جیل خانہ جات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | سبی ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول کی رنگارنگ تقریبات کے ساتھ اختتام پذیر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | بلوچستان کو نوگو ایریا بنانے والے وسائل واختیارات پر مسلط ہیں، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

کوئٹہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مہمان خاتون جاں بحق، اہل خانہ فرار ہو گئے، سیکورٹی فورسز نے کچھی بولان میں دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنادیا چار دہشتگرد ہلاک، ڈیرہ مراد جمالی موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی واردات، پنجگور پولیس تھانہ وشبود پر مسلح افراد کا حملہ ریکارڈ نذر آتش،

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**عوامی مسائل:**

گرین بسوں کی تعداد میں اضافہ لوکل بسوں پر پابندی ہٹائی جائے، مسافروں کا مطالبہ، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کا اجلاس گیس پریشر کی کمی پر غم وغصے کا اظہار،

**مورخہ** 02.12.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان میں شدید سردی میں گیس غائب ،سوئی سدرن گیس کی ہٹ دھرمی ،عوام اذیت مبتلا** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں گیس کی فراہمی کا مسئلہ تا حال برقرار ہے شدید سردی میں لوگ گیس کی عدم فراہمی سے ذہنی کوفت میں مبتلا ہیں سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گیس کی فراہمی معطل کی جاتی ہے جن علاقوں میں تھوڑی بہت گیس دی جاتی ہے وہاں بھی پریشر نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے یہ ناروا رویہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ کمپنی اپناتی ہے سوئی سے نکلنے والی گیس سے اس کے اپنے ہی عوام محروم ہیں جبکہ ملک کے دیگر صوبوں کے بلاتعطل گیس فراہم کی جاتی ہے جن سے بڑی بڑی صنعتیں چل رہی ہیں اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی ہوتی ہے بلوچستان میں گیس کی عدم فراہمی پر تمام اسٹیک ہولڈرز ایک پیج پر ہیں متعدد بار اپنا احتجاج ریکارڈ بھی کرا چکے ہیں لیکن سوئی گیس حکام کی طلبی اور شکایات کے فوری ازالے کے مطالبے پر اب تک عمل نہیں ہوا بلوچستان میں اب موسم شدید سرد ہو چکا ہے مگر گیس فراہم نہیں کی جا رہی جس پر بلوچستان اسمبلی نے صوبے کے سرد علاقوں میں گیس اور گرم علاقوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے سے متعلق مشترکہ قرارداد منظور کرلی جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹین (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی اصغر علی ترین نے بلوچستان کے سرد علاقوں میں گیس اور گرم علاقوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کیخلاف مشترکہ قرارداد پیش کی۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**پیپلز پارٹی نے دہشت گھردی کے خلاف کھل کر مقابلہ کیا** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Surge of silent death" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**ایکس کا ٹرانسپرنسی فیچر بلوچستان کا دشمن پراپیگنڈا نیٹ ورک بے نقاب اور**" عنوان سے نسیم الحق اور کا مضمون تحریر کیا ہے

روزنامہ باخبر اور قدرت کوئٹہ نے "**سی پیک سے آگے......تعلیمی راہداری** " عنوان سے عنایت الرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 منگل، 10 جمادی الثانی 1447ھ 2 دسمبر 2025ء نمبر 330

## بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی بھرتی کا عمل مکمل کرلیا، سرفراز بگٹی

**بھرتی سوفیصد میرٹ پر کی گئی، حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس کے محاذوں پر بھرپور پیش رفت کررہی ہے، ایکس پر پیغام**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی سوفیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کرلیا گیا، دہشت گردوں کے بیانیہ کو شکست دینے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس دونوں محاذوں پر بھرپور پیش رفت کر رہی ہے، سربراہ بلوچستان پولیس محمد طاہر کو شاباش، بلوچستان کانسٹیبلری میں میرٹ پر بھرتیاں خوش آئند ہیں۔

## کراچی: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے صادق عمرانی کی عیادت کی

کوئٹہ + کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کے روز کراچی کے ایک نجی اسپتال میں داخل صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ نے اسپتال پہنچ کر ان کی صحت سے متعلق معلومات حاصل کیں اور ڈاکٹرز سے علاج کی پیش رفت پر بریفنگ لی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے میر محمد صادق عمرانی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کے خاندان سے بھی خیر سگالی کا تبادلہ کیا انہوں نے طبی عملے کو ہدایت کی کہ صوبائی وزیر کے علاج میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، صادق عمرانی پارٹی کے دیرینہ نظریاتی کارکن اور ہمارے قابل احترام ساتھی ہیں ہم سب ان کی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں۔

## بلاول بھٹو سے وزیراعلیٰ بگٹی کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

**صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری اقدامات پر بھی گفتگو کی**

کوئٹہ + کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت سردار کوہیار ڈومکی، مستونگ سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر سردار نور احمد بنگلزئی اور خضدار سے پارٹی ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، جبکہ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صوبائی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔



کراچی: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ملاقات کررہے ہیں



کراچی: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی، آغا شکیل درانی اور سردار نور احمد بنگلزئی کا ملاقات کے بعد گروپ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ١

Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | منگل 09 جمادی الثانی 1447ھ 02 دسمبر 2025، صفحات 08 | شمارہ 148

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# بلوچستان حکومت کی کاوشیں قابل تحسین، تعاون جاری رکھیں گے، بلاول بھٹو

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ملاقات، صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومتی ترجیحات سے آگاہ کیا

## رہنماؤں کا بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت سردار کوہیار ڈومکی، مستونگ سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر سردار نور احمد بنگلزئی اور خضدار سے پارٹی ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، جبکہ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صوبائی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔



کراچی، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی آغا شکیل درانی اور نور احمد بنگلزئی کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میر صادق عمرانی کی عیادت کی

کراچی (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر میر محمد صادق عمرانی کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعا کی کہ وہ جلد اپنی تمام سرکاری و عوامی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے قابل ہو جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 349 | منگل، 10 جمادی الثانی، 2 دسمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

## صادق عمرانی کو بہترین طبی سہولیات دی جائیں، وزیراعلیٰ

### صوبائی وزیر کے علاج میں کوئی کمی نہ آنے دی جائے، عیادت کے موقع پر ہدایت

کراچی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کے روز کراچی کے ایک نجی اسپتال میں داخل صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ نے اسپتال پہنچ کر ان کی صحت سے متعلق معلومات حاصل کیں اور ڈاکٹرز سے علاج کی پیش رفت پر بریفنگ لی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے میر محمد صادق عمرانی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کے خاندان سے بھی خیر سگالی کا تبادلہ کیا انہوں نے متعلقہ (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

طبی عملے کو ہدایت کی کہ صوبائی وزیر کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی پارٹی کے دیرینہ نظریاتی کارکن اور ہمارے قابل احترام ساتھی ہیں ہم سب ان کی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں۔



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی، آغا شکیل درانی اور سردار نور احمد بنگلزئی کا گروپ فوٹو

## چیئرمین پی پی پی وزیراعلیٰ ملاقات

## بلاول بھٹو کی صوبائی قیادت کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

### کراچی میں ہونیوالی ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر غور

### سرفراز بگٹی نے بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا

کراچی (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت سردار کوہیار ڈومکی، مستونگ سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر سردار نور احمد بنگلزئی اور خضدار سے پارٹی ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، جبکہ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صوبائی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

جلد نمبر 32 | منگل 02 دسمبر 2025ء بمطابق 10 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 330


# بلوچستان حکومت سے بھرپور تعاون کرینگے بلاول بھٹو، میر سرفراز بگٹی کی ملاقات

صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، حکومتی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تبادلہ خیال، امن و استحکام، پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے پر بات چیت

وزیراعلیٰ نے چیئرمین سے بلاول ہاؤس کراچی میں مشاورت کی، صوبائی رہنما بھی شریک، عوامی مسائل اور حکومتی ترجیحات سے آگاہ کیا

کوئٹہ+کراچی (انتخاب نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت سردار کوہیار ڈومکی، مستونگ سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر سردار نور احمد بنگلزئی اور خضدار سے پارٹی ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، جبکہ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صوبائی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔



☆☆ کراچی: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ودیگر کا گروپ ☆☆

## وزیراعلیٰ بگٹی نے صوبائی وزیر صادق عمرانی کی عیادت کی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز کراچی کے نجی اسپتال میں صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ نے اسپتال پہنچ کر ان کی صحت سے متعلق معلومات حاصل کیں اور ڈاکٹرز سے علاج

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

کی پیشرفت پر بریفنگ لی، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے صادق عمرانی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کے خاندان سے بھی خیر سگالی کا تبادلہ کیا، انہوں نے متعلقہ طبی عملے کو ہدایت کی کہ صوبائی وزیر کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No ۱

Page No 5

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | پیر یکم دسمبر 2025ء بمطابق 09 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 329

**حکومت عوام کو مایوس نہیں کریگی**

# شہید بھٹو نے ڈرائنگ روم کی سیاست کو عوامی بنایا، وزیر اعلیٰ

## غریب طبقے کی طاقت سے پیپلز پارٹی کو عوامی، نظریاتی اور قومی جماعت بنایا، سریاب روڈ پر بھٹو کا گھر شہید جیالے کے خاندان کو دیا جائیگا

### ناموافق حالات میں حکومت سنبھالی، شہید بینظیر بھٹو نے پاکستان کا دفاع مضبوط کیا، خطاب، پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ یوم تاسیس کا کیک کاٹا

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستانی سیاست کو بند کمروں سے نکال کر عوام کے درمیان لائے اور حقیقی معنوں میں عوامی سیاست کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے ہمیشہ پاکستان کے غریب، مزدور اور مظلوم طبقے کے لئے جدوجہد کی اور انہی کی طاقت نے پاکستان پیپلز پارٹی کو ایک عوامی، نظریاتی اور قومی جماعت بنایا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کی تقریب

بقیہ نمبر73 صفحہ 7 پر

سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ سمیت مرکزی و صوبائی رہنما، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایک وقت تھا جب سیاست صرف ڈرائنگ روم تک محدود تھی مگر شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اسے عوامی بنایا، عوام کو بااختیار کیا اور پاکستان کو ناقابل تسخیر بنانے کے لئے وہ جرأتمندانہ اقدامات کئے جس کی وجہ سے آج پاکستان مضبوط ایٹمی قوت کے طور پر کھڑا ہے، حالیہ بھارتی جارحیت پر فیلڈ مارشل کی دلیرانہ قیادت میں پاک فوج کی موثر جوابی کارروائی اسی جرأت مندانہ فیصلوں کا تسلسل ہے جس کی بنیاد بھٹو شہید نے رکھی، انہوں نے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو نے میزائل ٹیکنالوجی کے میدان میں وہ سنگ میل قائم کئے جنہوں نے پاکستان کے دفاع کو مزید مضبوط کیا، دہشت گردی کے خلاف جس جرأت اور واضح موقف کا آغاز انہوں نے کیا اس کی مثال آج بھی کسی اور جماعت میں نظر نہیں آتی، پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس نے کھلے عام دہشت گردی کا انکار اور اپنے کارکنوں کی قربانیوں کے باوجود پیچھے نہیں ہٹی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو کے آخری خطاب کو سن کر اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا دل پاکستان کے عوام کے ساتھ کس قدر جڑا ہوا تھا 27 دسمبر کو جب شہید بی بی کو ہم سے چھینا گیا میں لاڑکانہ میں موجود تھا اس وقت پاکستان کی فیڈریشن خطرے میں تھی مگر صدر آصف علی زرداری نے "پاکستان کھپے" کا نعرہ لگا کر ثابت کیا کہ پیپلز پارٹی چاروں صوبوں کی جماعت ہے اور ہمیشہ پاکستان کی وحدت اور بقا کی ضمانت رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی پورے ملک میں دہشت گردی کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہے ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ دہشت گردوں کو اپنے نظریات بندوق کے زور پر مسلط کرنے نہیں دیں گے غریب کا کلام چلے گا، بھٹو کا کلام چلے گا، بے نظیر بھٹو کا کلام چلے گا آج [illegible] بلاول بھٹو زرداری نے اسی عزم کو آگے بڑھاتے ہوئے واضح کیا ہے کہ دہشت گردی اور انتشار کے خلاف ریاست اور عوام ایک ساتھ متحد رہیں گے، وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ سریاب روڈ پر واقع شہید ذوالفقار علی بھٹو کا تاریخی گھر جس پر ایک سرکاری محکمے نے قبضہ کر رکھا تھا صوبائی حکومت نے واگزار کرا لیا، صدر آصف علی زرداری سے اس گھر کو پارٹی کے ایک شہید کے نام کرنے کی اجازت مانگی جو منظور کر لی گئی یہ گھر 18 اکتوبر کے شہید جمیل احمد سولنگی کے خاندان کو دیا جا رہا ہے جہاں ان کی والدہ رہائش پذیر ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم نے انتہائی ناموافق حالات میں حکومت سنبھالی، جب حکومت [illegible] عوام مشکلات و مصائب کا شکار تھے ہماری حکومت نے لوگوں کو ان کا آئینی حق دلانے اور ریاستی اداروں تک رسائی ممکن بنانے کے لئے جرأتمندانہ فیصلے کئے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت دن رات محنت کر رہی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


روزنامہ
میزان
کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | منگل 02 دسمبر 2025ء، 10 جمادی الثانی 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 91


# بلوچستان کانسٹیبلری میں میرٹ پر بھرتیاں خوش آئند ہیں: سرفراز بگٹی

**بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کر لیا گیا، دہشت گردوں کے بیانیہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائینیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر ہے**

**بلوچستان حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس دونوں محاذوں پر بھرپور پیش رفت کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی سربراہ بلوچستان پولیس محمد طاہر کو شاباش، میر سرفراز بگٹی کا سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کر لیا گیا، دہشت گردوں کے بیانیہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائینیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس دونوں محاذوں پر بھرپور پیش رفت کر رہی ہے، سربراہ بلوچستان پولیس محمد طاہر کو شاباش، بلوچستان کانسٹیبلری میں میرٹ پر بھرتیاں خوش آئند ہیں۔



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی، آغا شکیل درانی اور سردار زادہ [illegible] بھی موجود ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

جلد 29 | منگل 02 دسمبر 2025ء بمطابق 10 جمادی الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 329



کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی، آغا شکیل درانی اور سردار نور احمد بنگلزئی بھی موجود ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر صادق عمرانی کی عیادت کر رہے ہیں

# بلوچستان کانسٹیبلری میں سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کیا گیا

میر سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں دہشت گردوں کے بیانیہ اور نظریہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائینیٹک آپریشن کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں گڈ گورننس اور میریٹوکریسی کی طرف ایک اور قدم اٹھاتے ہوئے ہم نے بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی 100% میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کر لیا ہے۔ شاباش آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر بلوچستان میں دہشت گردوں کے بیانیہ اور نظریہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائینیٹک آپریشن کے ساتھ ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل دینا بہت ضروری ہے بلوچستان حکومت ان دونوں کو ساتھ ساتھ لے کر چل رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bulet No. 1

Page No. 2

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | منگل 02 دسمبر 2025ء بمطابق 10 جمادی الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-329

# بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کر لیا گیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

## دہشت گردوں کے بیانیہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر ہے

## بلوچستان حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس دونوں محاذوں پر بھرپور پیش رفت کر رہی ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ڈاکٹر محمد حیات بگٹی کے بھتیجے کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کرلیا گیا، دہشت (بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 2 پر)

گردوں کے بیانیہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس دونوں محاذوں پر بھرپور پیش رفت کر رہی ہے، سربراہ بلوچستان پولیس محمد طاہر کو شاباش، بلوچستان کانسٹیبلری میں میرٹ پر بھرتیاں خوش آئند ہیں۔

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 | منگل 02 دسمبر 2025ء 10 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ 232

# بی سی میں 150 جوانوں کی سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کرلیا ہے، میر سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں دہشت گردوں کے بیانیہ اور نظریہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں گڈ گورننس اور میریٹوکریسی کی طرف بقیہ 18 صفحہ 6 پر

ایک اور قدم اٹھاتے ہوئے ہم نے بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی 100% میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کرلیا ہے۔ شاباش آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر بلوچستان میں دہشت گردوں کے بیانیہ اور نظریہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل دینا بہت ضروری ہے بلوچستان حکومت ان دونوں کو ساتھ ساتھ لے کر چل رہی ہے۔



کراچی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر کوہیار ڈومکی، آغا شکیل درانی اور سردار نور احمد بنگلزئی کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین


جلد 80 | منگل 2 دسمبر 2025ء، 10 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 330

# بلاول بھٹو سے سرفراز بگٹی کی ملاقات، صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی پر تبادلہ خیال

## وزیراعلیٰ بلوچستان نے چیئرمین کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، چیئرمین پیپلز پارٹی نے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی

## دہشت گردوں کے بیانیہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام

کوئٹہ + کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت سردار کوہیار ڈومکی، مستونگ سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر سردار نور احمد بنگلزئی اور خضدار سے پارٹی ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبائی معاملات اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ ؟ خیال کیا گیا جبکہ صوبے میں امن و استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق جاری اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا، جبکہ چیئرمین پیپلز پارٹی نے صوبائی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دریں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی سو فیصد میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کر لیا گیا، دہشت گردوں کے بیانیہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل فراہم کرنا ناگزیر ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت سیکیورٹی اور گڈ گورننس دونوں محاذوں پر بھرپور پیش رفت کر رہی ہے، سربراہ بلوچستان پولیس محمد طاہر کو شاباش، بلوچستان کانسٹیبلری میں میرٹ پر بھرتیاں خوش آئند ہیں۔



کراچی، چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی آغا شکیل درانی اور سردار نور احمد بنگلزئی کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر


جلد 28 | منگل 2 دسمبر 2025ء | 10 جمادی الثانی 1447ھ | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ایل سی بی-10 | شمارہ 285

# بلوچستان میں سمارٹ کائنیٹک آپریشن کی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں دہشت گردوں کے بیانیہ اور نظریہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ

## بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی 100% میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کرلیا گڈ گورننس کا ماڈل دینا بہت ضروری ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں گڈ گورننس اور میریٹوکریسی کی طرف ایک اور قدم اٹھاتے ہوئے ہم نے بلوچستان کانسٹیبلری میں 150 جوانوں کی 100% میرٹ پر بھرتی کا عمل مکمل کر لیا ہے۔ شاباش آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر بلوچستان میں دہشت گردوں کے بیانیہ اور نظریہ کو کچلنے کے لئے سمارٹ کائنیٹک آپریشن کے ساتھ ساتھ گڈ گورننس کا ماڈل دینا بہت ضروری ہے۔ بلوچستان حکومت ان دونوں کو ساتھ ساتھ لے کر چل رہی ہے۔



کراچی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی، آغا شکیل درانی اور سردار نور احمد بنگلزئی کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

CLIPPING SERVICE

Balochistan Times

of 92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1297 QUETTA Tuesday December 02, 2025 / Jumadi ul-Thani 10, 1447

12



KARACHI: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti with Pakistan People's Party Chairman Bilawal Bhutto Zardari after a meeting on Monday.

# Bugti calls on Bilawal to discuss political matters

**Staff Report**

**KARACHI:** Pakistan People's Party (PPP) Chairman Bilawal Bhutto Zardari met with Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti at Bilawal House in Karachi.

The meeting was also attended by Provincial Minister for Industries and Crafts Sardar Kohiyar Domki, PPP ticket holder from Mastung Sardar Noor Ahmed Bangulzai, and party ticket holder from Khuzdar Agha Shakeel Durrani. Discussions comprehensively covered the overall political situation in Balochistan, provincial affairs, and future political strategy. The conversation also included ongoing measures related to peace and stability in the province, political harmony, and the party's organizational structure.

Chief Minister Bugti informed Chairman Bilawal Bhutto Zardari about the current provincial situation, public issues, and government priorities. The PPP Chairman appreciated the efforts of the provincial leadership and assured all possible cooperation.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE

GE Daily FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH

RELA

# Balochistan Express

Quetta

Bullet No

13



Pakistan People's Party Chairman Bilawal Bhutto Zardari meet with Chief Minister Balochistan Sarfaraz Bugti. Provincial ministers Sardar Kohyar Khan Domki, Agha Shakeel Durrani, and Sardar Noor Ahmed Bangulzai are also present.

## Bilawal meets Bugti to discuss Balochistan affairs

KARACHI: PPP Chairman Bilawal Bhutto Zardari held an important meeting with Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti at Bilawal House, where key provincial leaders also joined the discussion.

The meeting was attended by Provincial Minister for Industries Sardar Kohyar Domki, PPP ticket-holder from Mastung Sardar Noor Ahmed Bangulzai, and party candidate from Khuzdar Agha Shakeel Durrani.

During the detailed interaction, both sides reviewed the overall political climate in Balochistan, administrative matters, and the party's forward-looking political roadmap. Discussions also covered ongoing efforts related to peace and stability in the province, political coordination, and the strengthening of PPP's organizational structure at various levels.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 02 DEC 2025

Page No. 14

## پیپلز پارٹی کے 58ویں یوم تاسیس کے پروگرام کامیاب رہے، فیصل جمالی

### بلاول بھٹو زرداری کی قیادت نے پارٹی کو عوام کی امیدوں کا مرکز بنا دیا، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے 58ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ملک بھر میں منعقد ہونے والے پروگرام غیر معمولی طور پر کامیاب رہے، جن میں عوام اور کارکنان کی بھرپور شرکت نے پارٹی کی مضبوطی اور مقبولیت کا واضح ثبوت پیش کیا ہے۔ اپنی رہائشگاہ اوستہ محمد میں آئی این پی کے نمائندہ محمد رفیق چندرانی سے خصوصی گفتگو کرتے ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی متحرک، عوام دوست اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ قیادت نے پیپلز پارٹی کو ایک بار پھر عوام کی امیدوں کا مرکز بنا دیا ہے انہوں نے کہا کہ یوم تاسیس کے پروگراموں میں عوام کی بڑی تعداد میں شرکت ظاہر کرتی ہے کہ پیپلز پارٹی آج بھی ملک کی سب سے منظم، فعال اور نظریاتی سیاسی جماعت ہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ، آئین کی پاسداری، عوامی حقوق کے تحفظ اور ملک کی تعمیر و ترقی کو اپنی جدوجہد کا محور بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی بھروسہ، کارکنان کا جذبہ اور شہید بھٹو خاندان کی قربانیاں پارٹی کی اصل طاقت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں فلاحی منصوبے جاری ہیں جبکہ صوبے میں لائیو اسٹاک کے شعبے کی بہتری، دیہی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ کی طرح مستقبل میں بھی عوام کی خدمت کے ایجنڈے پر ثابت قدم رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پارٹی قیادت بلوچستان کے عوام کو مزید ترقیاتی منصوبے فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ ہے اور آنے والے دنوں میں عوام کو مثبت تبدیلیاں نظر آئیں گی۔

## بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی کیلئے منصوبوں پر کام جاری ہے، سلیم کھوسہ

### صحت کا شعبہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ، صحت پور کو بھی اس کا براہ راست فائدہ پہنچے گا

### بہتر سڑکیں معاشی سرگرمیاں فروغ اور علاقے کی ترقی میں کردار ادا کرتی ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صحت پور اور اس کے مضافاتی علاقوں کی ترقی و خوشحالی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہیں، عوام کی سہولت، بہتر سفری روابط اور بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی کیلئے متعدد منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم ا......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

حمد کھوسہ نے کہا کہ آر ایچ سی جھنڈا تالاب کی عمارت پر کام تکمیل کی جانب بڑھ رہا ہے، جس سے علاقے کے عوام کو معیاری اور بروقت صحت کی سہولیات میسر آئیں گی۔ صحت کا شعبہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے اور ضلع صحت پور کے دیہی علاقوں کو بھی اس سہولت کا براہ راست فائدہ پہنچے گا انہوں نے مزید بتایا کہ چھن پٹی تا جیانی روڈ کے شولڈر کا کام تیزی سے جاری ہے، جس سے نہ صرف ٹریفک کے دباؤ میں بہتری آئے گی بلکہ مقامی آبادی کو آمدورفت میں درپیش طویل مسائل کا خاتمہ بھی ہوگا۔ بہتر سڑکیں معاشی سرگرمیاں فروغ دیتی ہیں اور علاقے کی معاشی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں

## ایچ آئی وی/ایڈز کا خاتمہ آگاہی مہم کے بغیر ممکن نہیں، صوبائی وزیر صحت

### حکومت ایڈز کنٹرول پروگرام کے ذریعے متاثرہ افراد کو مفت علاج و مشاورت فراہم کر رہی ہے

### ایڈز سے ڈرنے کی نہیں بروقت تشخیص کے ذریعے مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے، پیغام

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے عالمی دن برائے ایڈز کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن دنیا بھر میں ایچ آئی وی/ایڈز کے بارے میں شعور و آگاہی بڑھانے، متاثرہ افراد سے اظہار یکجہتی کرنے اور اس بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان میں ایچ آئی وی/ایڈز کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی، بروقت اسکریننگ، علاج معالجے کی بہتر سہولیات اور آگا......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ہی مہمات کے بغیر یہ ہدف حاصل نہیں کیا جا سکتا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایڈز سے متعلق غلط فہمیوں کو ختم کریں، مستند معلومات حاصل کریں اور حفاظتی اقدامات اختیار کریں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت، بلوچستان ایڈز کنٹرول پروگرام کے ذریعے متاثرہ افراد کو مفت علاج، مشاورت اور ٹیسٹنگ کی سہولیات فراہم کر رہی ہے، جبکہ ہائی رسک گروپس تک رسائی بڑھانے، نوجوانوں اور کمیونٹیز میں آگاہی پھیلانے کیلئے جامع اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ ایڈز سے ڈرنے کی نہیں، سمجھنے اور بروقت تشخیص کے ذریعے اس کا مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے اگر ہم اجتماعی کوشش کریں تو ہم ایچ آئی وی کے پھیلاؤ کو روک سکتے ہیں اور ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔ وزیر صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت ایڈز کے خاتمے کے عالمی اہداف کے حصول تک اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

INTEKHAB QUETTA

## بلدیاتی الیکشن میں فعال امیدوار نامزد کر رہے ہیں، لیاقت لہڑی

### پیپلز پارٹی عوام کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، بلدیاتی نمائندوں سے گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سرگرم ہے اور پارٹی امیدوار بلدیاتی انتخابات میں عوامی خدمت اور شفاف انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور محنت کریں گے، پارٹی کا مقصد ہر یونین کونسل اور وارڈ میں عوامی مسائل کے حل کے لیے فعال نمائندہ فراہم کرنا ہے۔ یہ بات انہوں نے لہڑی ہاؤس بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے تحت زرغون ٹاؤن اور چلتن ٹاؤن سے منسلک مختلف یونین کونسلوں اور وارڈز کے امیدواروں کی جانب سے پارٹی ٹکٹ کے حصول کے لیے اپنی درخواستیں جمع کرانے کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین، مرکزی رہنما حاجی نصیب اللہ اچکزئی، احسان اللہ افغان، کوئٹہ سٹی جنرل سیکرٹری نعمت لالا، سیکرٹری اطلاعات اکبر خان ترین، سینئر نائب صدر سید ایوب آغا، نائب صدر زبیر خان بڑیچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری داد محمد خوندئی، خان جی سلیمان خیل، حفیظ محمود مینگل، عمران بڑیچ، حاجی اسحاق مینگل، حضرت بابا، رحمت اللہ نورزئی دیگر بھی موجود تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 02 DEC 2025 Page No. 15

## حکومت پانی کے ذخائر، اور متبادل ذرائع کیلئے نئے منصوبے شروع کر رہی ہے، سردار کھیتران

**صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی کھلی کچہری، رکھنی، کوئٹہ اور مختلف علاقوں سے شہریوں، عمائدین اور نمائندہ وفود کی شرکت**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران نے منسٹر پی ایچ ای آفس میں ایک اہم عوامی کھلی کچہری منعقد کی، جس میں رکھنی، کوئٹہ اور مختلف علاقوں سے شہریوں، عمائدین اور نمائندہ وفود نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مختلف مسائل، خصوصاً پینے کے صاف پانی کی قلت، واٹر سپلائی اسکیموں میں رکاوٹوں، اور موسمیاتی تبدیلی کے باعث درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا صوبائی وزیر نے تمام درخواستوں اور مسائل کو فرداً فرداً سنا اور موقع پر موجود افسران کو عوامی مسائل کے فوری حل کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پانی کا بحران سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، جسے جدید منصوبہ بندی، شفاف اقدامات اور ہنگامی بنیادوں پر کام کر کے حل کیا جائے گا۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی نے پورے صوبے، خاص طور پر دیہی علاقوں کو شدید متاثر کیا ہے، اس لیے حکومت پانی کے ذخائر، سپلائی لائنوں کی بہتری اور متبادل ذرائع کے لیے نئے منصوبے شروع کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے وزیر پی ایچ ای کی پالیسیوں اور عوامی رابطہ مہم کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ جاری اقدامات سے پانی کی کی کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگا۔

MASHRIQ QUETTA

# مشکل وقت میں ورکر ہی قیادت کا حقیقی سہارا بنتے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

**کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے میدان میں اترنے والے امیدوار ہی کامیابی حاصل کریں گے، رکن قومی اسمبلی**

**مسلم لیگ (ن) مضبوط ٹیم بنا رہی ہے جو بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے میئر، ڈپٹی میئر و ٹاؤن چیئرمین نامزد کرے گی، نسیم الرحمان ملاخیل**

**ورکرز نے ہمیشہ پارٹی کا پرچم بلند رکھا، کوئٹہ کے شہریوں کی نظریں ہماری جماعت پر مرکوز ہیں، کوئٹہ پریس کلب میں جلسے سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے میدان میں اترنے والے امیدوار ہی کامیابی حاصل کریں گے، کیونکہ پارٹی ورکرز نے ہمیشہ مشکل حالات میں بھی قیادت کا ساتھ نبھایا ہے۔ کوئٹہ کے شہریوں کی نظریں مسلم لیگ (ن) پر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پارٹی ورکرز اور بلدیاتی انتخابات کے امیدواروں کے ایک بڑے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا جلسے سے پاکستان مسلم لیگ (ن)......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کے الیکشن کمیٹی کے چیئرمین و مشیر وزیر اعلیٰ نسیم الرحمان ملاخیل، رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، حیدر خان اچکزئی، ضلع کوئٹہ کے صدر سحر گل خلجی، میر یونس بلوچ، میر نور اللہ لہڑی، ملک مصلح الدین مینگل، انور نسیم کاسی، چوہدری شبیر، فتح جمالی، شاکر محمد حسنی، ارباب اقبال کاسی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ورکرز نے ہمیشہ پارٹی کا پرچم بلند رکھا اور کوئٹہ کے شہریوں کی نظریں آج بھی مسلم لیگ (ن) پر مرکوز ہیں انہوں نے کہا کہ پارٹی ٹکٹ کے حصول کیلئے بڑی تعداد میں درخواستیں موصول ہوئیں، جو عوام کے اعتماد کی علامت ہے انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ صرف اچھے حالات میں سرگرم ہوتے ہیں، وہ بھی حقیقی قیادت کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے کیلئے جبکہ مشکل وقت میں ورکر ہی قیادت کا حقیقی سہارا بنتے ہیں

## سردار عبدالرحمان کھیتران سے صابر بلوچ وحاجی اسلام بلوچ کی ملاقات

**صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی بات چیت**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ صابر بلوچ اور سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی اسلام بلوچ نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی بات چیت کی گئی ملاقات کے دوران رہنماؤں نے صوبائی وزیر کی عوامی خدمات، ترقیاتی منصوبوں......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

میں دلچسپی اور مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کو سراہا۔ سردار عبدالرحمان کھیتران نے اس موقع پر کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ باہمی رابطوں اور تعاون کے ذریعے صوبے میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے گا تاکہ عوام کو براہ راست ریلیف مل سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## حب، پیپلز پارٹی کا 58واں یوم تاسیس، بلاول بھٹو زرداری کا ویڈیو لنک خطاب

**پیپلز پارٹی کی جڑیں عوام میں گہری ہیں، جلسہ عام سے علی حسن زہری و دیگر رہنماؤں کا خطاب**

حب (آن لائن) حب میں پاکستان پیپلز پارٹی کا 58واں یوم تاسیس نہایت شاندار اور تاریخی انداز میں منایا گیا، جسے حب کی سیاسی تاریخ کے سب سے بڑے جلسے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ جلسہ عام میں ہزاروں افراد نے شرکت کی اور پورا میدان کارکنان اور عوام سے لبریز رہا۔ تقریب سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ویڈیو......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

لنک کے ذریعے خصوصی خطاب کیا، جس میں انہوں نے پارٹی کی 58 سالہ جدوجہد، جمہوری تسلسل اور عوامی خدمت کے عزم کو اجاگر کیا اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت و ترجمان آصف علی زرداری برائے بلوچستان، میر علی حسن زہری نے بھی بھرپور اور ولولہ انگیز خطاب کیا انہوں نے پارٹی کے نظریے، عوامی خدمت کے مشن، اور بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ حب اور گرد و نواح کے عوام نے ثابت کر دیا کہ پیپلز پارٹی کی جڑیں عوام میں گہری ہیں

## محکمہ یوتھ کو شفافیت کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے، مینا مجید

**میں مایوس نہیں، بلوچستان کے نوجوانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہوں، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) سوسائٹی فار امپاورنگ ہیومن ریسورس (سحر) کے زیر اہتمام، یو این ایف پی اے اور محکمہ کھیل و امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے تعاون سے بلوچستان یوتھ پالیسی کے موثر نفاذ، پلاننگ اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن فریم ورک پر اہم سٹیک ہولڈرز کنسلٹیشن سیشن منعقد ہوا۔ تقریب کی مہمان خصوصی محترمہ مینا مجید بلوچ، ایڈوائزر وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز تھیں اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ وہ ایک نہایت اہم شعبے......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہیں اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق محکمہ یوتھ کو شفافیت، میرٹ اور جدید تقاضوں کے مطابق ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا: "محکمے کو کئی چیلنجز کا سامنا ہے، مگر میں واضح کرنا چاہتی ہوں کہ میں نہ خوفزدہ ہوں اور نہ مایوس۔ میں بلوچستان کے نوجوانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہوں اور ان کا حق ہر صورت دلاؤں گی۔" تقریب کی نظامت عبدالستار، پروگرام مینجر سحر نے انجام دی، جنہوں نے مہمانوں کا تعارف اور پروگرام کے مقاصد نہایت خوبصورتی سے پیش کیے اور سیشن کو منظم و موثر انداز میں آگے بڑھایا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 02 DEC 2025 Page No. 16

# ٹریفک کی روانی اولین ترجیح، ادارے اقدامات میں تیزی لائیں، کمشنر کوئٹہ

## بلیلی چیک پوسٹ سڑک کی تعمیر کا کام جلد مکمل اور کھدائی کے بعد ملبہ فوری وہاں سے ہٹایا جائے، شاہزیب خان کاکڑ

## ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے ڈپٹی کمشنر، ایس پی ٹریفک اور این ایچ اے افسران بلیلی کا دورہ کریں اور متبادل راستے کیلئے بہتر مینجمنٹ کریں

## ڈیری فارمز کی شہر سے منتقلی کیلئے کیو ڈی اے متعلقہ ایسوی ایشن جگہ کی نشاندہی کرکے رپورٹ پیش کریں، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے N-25 مستونگ، کوئٹہ، چمن (سیکشن پر پاکستان ایکسپریس وے اپ گریڈیشن منصوبے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے حکام، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ مہراللہ بادینی، ایس پی ٹریفک کوئٹہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک تھے اجلاس میں این ایچ اے کے حکام نے کمشنر کو منصوبے کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کوئٹہ ........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سے چمن تک قومی شاہراہ کے مختلف سیکشنز پر کام تیزی سے جاری ہے بلیلی چیک پوسٹ سے کچلاک اور چمن تک مختلف مقامات پر تعمیر و بحالی کے منصوبے فعال انداز میں جاری ہیں جبکہ لکپاس کے مقام پر بھی سڑک کی بہتری کے لئے کام تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے این ایچ اے حکام نے بتایا کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور سفری سہولیات میں بہتری کے لئے کچلاک، خیزی چوک اور جبل نور بس اڈے پر فلائی اوور بنانے کے منصوبے زیر غور ہیں اس کے علاوہ پشین، قلعہ عبداللہ، سراناں اور جنگل پیرعلیزئی سمیت مختلف علاقوں میں بھی سڑک کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بلیلی چیک پوسٹ سڑک کی تعمیر کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور جہاں بھی سڑک کی کھدائی کی جائے وہاں سے ملبہ فوری طور پر اٹھایا جائے تاکہ شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ ہو کیونکہ بلیلی چیک پوسٹ پر ٹریفک کا ہجوم لگا ہوا ہوتا ہے اور عوام گھنٹوں رش میں پھنسی رہتی ہے جو کسی اذیت سے کم نہیں لہذا بلیلی چیک پوسٹ پر تعمیراتی کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ڈپٹی کمشنر، ایس پی ٹریفک اور این ایچ اے افسران کو ہدایت دی کہ وہ آج ہی بلیلی کا دورہ کریں اور متبادل راستے یا ایسی مینجمنٹ کریں جس سے وہاں پر ٹریفک جام نہ ہو انہوں نے مزید کہا کہ تعمیراتی مرحلے کے دوران ٹریفک کے متبادل اور بہتر انتظامات یقینی بنائے جائیں، تاکہ عوام کے روزمرہ سفر میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آئے اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی دریں اثناء کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور ڈیری فارمز کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ، ڈائریکٹر انجینئرنگ بیورو، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو بتایا گیا

INTEKHAB QUETTA

# ریکوڈک 37 سال میں 74 ارب ڈالر کی آمدنی متوقع

پیٹشن کمیشن آف پاکستان

## ریکوڈک منصوبہ شفاف ٹریس ایبلٹی اور ریفائننگ صلاحیت کی بدولت سونے کی سپلائی چین کو مستحکم اور ہزاروں ملازمتیں فراہم کریگا

## پاکستان معدنیات سے مالا مال، ایس آئی ایف سی کا کان کنی کے شعبوں میں ترقی کیلئے انقلابی کردار ہے، سی سی پی کی رپورٹ جاری

اسلام آباد (آئی این پی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان کے کان کنی کے شعبہ میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریکوڈک منصوبہ سے متعلق پٹیشن کمیشن آف پاکستان سی سی پی کی جامع رپورٹ جاری کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق نایاب معدنیات سے مالا مال پاکستان میں سونا، چاندی، تانبہ، پلاٹینم اور جیم اسٹون کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ریکوڈک منصوبہ سے 37 سال میں بقیہ نمبر 72 صفحہ 5 پر

74 ارب ڈالر کی آمدنی متوقع ہے۔ ریکوڈک منصوبہ شفاف ٹریس ایبلٹی اور ریفائننگ کی صلاحیت کی بدولت سونے کی سپلائی چین کو مستحکم بنائے گا جبکہ گولڈ اینڈ جیم اسٹون اتھارٹی کے قیام سے ڈیجیٹل ٹریک اینڈ ٹریس اور گولڈ بینکنگ سسٹم کا آغاز غیر دستاویزی تجارت میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ مزید برآں ایس آئی ایف سی اور سی سی پی کے موثر اقدامات سے ریفائننگ اور زیورات کی صنعت میں فروغ اور مارکیٹ کی شفافیت میں اضافہ ممکن ہوگا۔ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان میں ہزاروں ملازمتیں اور نئے کاروباری مواقع فراہم کرے گا۔ ایس آئی ایف سی پاکستان میں کان کنی کے مختلف شعبہ جات میں ترقی کے لئے اپنا انقلابی کردار ادا کر رہا ہے۔

# طلبہ معاشرے کی ترقی کی بنیاد اور قیمتی سرمایہ ہیں، آئی جی ایف سی نارتھ

## کوہلو میں ای کامرس تربیتی کلاسز اور گرلز ڈگری کالج کا دورہ، طلبہ و طالبات سے خطاب کیا

کوئٹہ (آئی این پی) آئی جی ایف سی بلوچستان نے ضلع کوہلو میں ای کامرس کی تربیتی کلاسز اور گرلز ڈگری کالج کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف سی بلوچستان نارتھ کی ای کامرس تربیتی کلاسز 4 نومبر سے بارکھان اور کوہلو میں جاری ہیں۔ کلاسز میں 100 سے زائد طلباء و طالبات نے حصہ لیا اور عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ کی تربیت اور مہارت سیکھی۔ طلباء و طالبات کو ای کامرس، فری لانسنگ، ڈیجیٹل بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

مارکیٹنگ، ویب ڈیزائننگ اور بزنس مینجمنٹ کی تربیت دی جا رہی ہے۔ مزید برآں آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ طلباء و طالبات کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہیں اور قیمتی سرمایہ ہیں۔ جدید تعلیم و مہارت کے ذریعے ایک پرامن اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد رکھ دی ہے۔ آئی جی ایف سی بلوچستان نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوہلو کا دورہ کرکے طالبات و ٹیچنگ سے معیاری تعلیم پر تبادلہ خیال کیا جبکہ والدین، اساتذہ اور طلباء و طالبات نے ایف سی بلوچستان نارتھ کے اقدامات کو نوجوانوں کی ترقی کا مثبت قدم قرار دیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 DEC 2025

Page No. 17

## معاشی سرگرمیوں میں خواتین کی زیادہ شمولیت کیلئے ہراسگی سے پاک ماحول ناگزیر ہے، بلال کاکڑ

### بی بی او آئی پی فوسپاوگی کاوشوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا، خواتین وفاقی محتسب فوزیہ وقار سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے خواتین وفاقی محتسب فوزیہ وقار نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی کے نئے ریجنل آفس کوئٹہ کے قیام کے تناظر میں ادارہ جاتی تعاون میں اضافے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سینئر افسران بھی ملاقات میں شریک تھے۔ اجلاس میں ہراسگی سے بچاؤ کے قوانین سے متعلق آگاہی بڑھانے، شکایات کے موثر ازالے اور سرکاری و نجی اداروں میں قانون پر عملدرآمد کو مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، معاشی سرگرمیوں کے استحکام اور خواتین کی ورک فورس میں زیادہ شمولیت کے لیے محفوظ، باوقار اور ہراسگی سے پاک ماحول ناگزیر ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بی بی او آئی پی فوسپاوگی کاوشوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا، جس میں آگاہی سیشنز، تربیتی ورکشاپس اور کاروباری اداروں کے ساتھ روابط شامل ہیں۔ محترمہ فوزیہ وقار نے ادارے کے وسعت پذیر مینڈیٹ پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نیا ریجنل آفس کوئٹہ شہریوں کو فوری انصاف اور معاونت کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا کیونکہ پہلے بلوچستان کے زیادہ تر کیسز اسلام آباد میں نمٹائے جاتے تھے۔

## بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں پریذائیڈنگ افسروں کی تربیت کا آغاز

### تربیت میں شریک افسران کی محنت اور عزم قابل ستائش ہے، صوبائی الیکشن کمشنر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں پریذائیڈنگ افسران اور سینئر اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران کی دو روزہ تربیت کا آغاز ہوگیا، صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کوئٹہ میں قائم دو تربیتی سینٹرز (مرد و خواتین) کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن نعیم احمد اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ سید نذیر احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پریذائیڈنگ اور سینئر پریذائیڈنگ افسران انتخابی عمل کی شفافیت، منصفانہ طریقہ کار اور موثر انتظامات میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، تربیت میں شریک افسران کی محنت اور عزم قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان شفاف اور منظم بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام تر اقدامات یقینی بنا رہا ہے تاکہ افسران کو پولنگ اسٹیشنز کے موثر انتظام اور شفاف انتخابی عمل کے لیے درکار مہارتوں سے مکمل طور پر آگاہ کیا جا سکے۔

## پولیس میں بھرتی کا عمل مکمل، ایڈیشنل IGP نے تمام مراحل کی خود نگرانی کی

### 2431 امیدواروں کا غذات جمع کروائے، تمام مراحل کے بعد 149 امیدواروں کو بھرتی کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کے حکم پر جوانوں کی بھرتی کو انتہائی شفاف طریقے سے پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد خان کی زیر نگرانی خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی جنہوں نے انتہائی ایمانداری اور لگن کے ساتھ اس کام کو شفاف طریقے سے سرانجام دیا۔ جس کی چیئرمین شپ ڈپٹی کمانڈنٹ شاداب تبسم نے کی بھرتی ہونے کیلئے ٹوٹل 2431 امیدواروں کا غذات جمع کروائے جس میں سے 35 فارم ریجیکٹ، غیر حاضر 658، دوڑ میں 1036 فیل، قد چھاتی میں 8 S فیل بقیہ 644 امیدواران نے اگلے مرحلے کیلئے کوالیفائی کیا اور تحریری امتحان میں 222 غیر حاضر ہوئے 422 امیدواروں نے تحریری امتحان میں شرکت کی جن میں سے 18 امیدواروں کے پیپر کینسل ہوئے اور بقیہ 189 امیدواروں نے تحریری امتحان پاس کیا۔ مزید 40 امیدوار ڈراپ ہوگئے بقیہ 149 امیدوار جس میں 04 اقلیتی اور 08 لیڈیز امیدواروں کو بھرتی کیا گیا۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد خان نے خود اپنی زیر نگرانی تمام مراحل کو انتہائی شفاف طریقے سے سرانجام دیتے ہوئے ذاتی کاوشوں سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ اس تمام مرحلے میں ٹوٹل 11 امیدواروں کے اوپر FIR چاک کی گئی۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد خان نے انتہائی ایمانداری کے ساتھ انتہائی قابل اور ذہین امیدواروں کو بھرتی کیا تاکہ بلوچستان کانسٹیبلری کا مورال اونچا ہو اور پڑھے لکھے نوجوانوں کو آگے بڑھنے کا موقع ملے۔ جو ملک اور قوم کی خدمت کرسکیں اور صوبے میں امن کو برقرار رکھ سکیں۔

## کوئٹہ: کسٹمز نے 27 کروڑ بیس لاکھ مالیت کی نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں

### دونوں نے چھاپہ مار ٹیم ایف بی آر کی جانب سے موثر و آرڈینیشن، بروقت کارروائی اور آپریشنل کارکردگی کی تعریف

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کسٹمز (انفورسمنٹ) کوئٹہ نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 27 کروڑ بیس لاکھ مالیت کی 28 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں تفصیلات کے مطابق۔ چیف کلکٹر آف کسٹمز (انفورسمنٹ) اسلام آباد کی ہدایت پر کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے 12 کروڑ 20 لاکھ مالیت کی 19 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں جبکہ کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ کے موبائل اسکواڈ نے ایف سی کے ہمراہ خفیہ اطلاع ملنے پر کوئٹہ میں ایک گودام پر چھاپہ مار کر مزید 9 این سی پی گاڑیاں قبضے میں لے لیں جن کی مالیت 15 کروڑ روپے ہے۔

## کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن، سو سے زائد گیس کمپریسر قبضے میں لے لیے

### کمالو، ازبک بازار اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں، 10 دکاندار گرفتار اور 2 دکانیں سیل کر دی گئیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گیس کمپریسر مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن سو سے زائد کمپریسر قبضے میں لے کر کے 18 دکاندار گرفتار اور 10 دکانیں سیل کر دیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب مصور اچکزئی نے کمالو، ازبک بازار اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 10 دکاندار گرفتار کیے اور 2 دکانیں سیل کر دیں۔ اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ نے سریاب روڈ کے مختلف علاقوں میں آپریشن کرتے ہوئے 25 کمپریسر ضبط کیے، 4 دکاندار گرفتار کیے اور 3 دکانیں سیل کیں۔ اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار نے سب ڈویژن سٹی میں کارروائی کرتے ہوئے 65 کمپریسر ضبط کیے، 3 دکانیں سیل کیں اور 4 دکاندار گرفتار کیے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ شہریوں کو گیس پریشر میں کمی کے مسئلے سے نجات دلانے کے لیے کمپریسر مافیا کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رہیں گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated: 02 DEC 2025 Page No 18

## اپنے ملازمین کیلئے ویلفیئر فنڈ کیلئے کوشاں ہیں، آئی جی جیل خانہ جات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آئی جی جیل خانہ جات بلوچستان عبدالسمیع لونی نے کہا ہے کہ پولیس کی طرز پر جیل ملازمین کے لیے ویلفیئر فنڈ کے قیام کے لیے کوشاں ہیں امید ہے اس سلسلے میں ضرور کامیاب ہوں گے یہ بات انہوں نے اپنا جیل خانہ جات یونٹ کی جانب سے محمد قاسم بزدار کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب سے اے آئی جی ایڈمن شکیل بلوچ، اے آئی جی سید انور شاہ نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ اپنا جیل خانہ جات یونٹ نے جو روایات قائم کی وہ قابل ستائش ہے آئندہ ایسے پروگرام ترتیب دیں گے جن میں جیل خانہ جات کے ریٹائرڈ ملازمین کو مدعو اور ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

## سی ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول رنگا رنگ تقریبات کے ساتھ اختتام پذیر

**ایسے ایونٹس نوجوانوں میں بھائی چارے اور کھیلوں سے محبت کو فروغ دیتے ہیں، کرنل منیر احمد سلطان**

سبی (ڈ ن) سبی ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول 27 سے 30 نومبر تک جاری رہنے کے بعد رنگا رنگ تقریبات کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا مہمان خصوصی کمانڈنٹ سبی اسکاؤٹس کرنل منیر احمد سلطان تھے ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی، کرنل عبدالستان، کرنل شہریار اور اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ نے بھی شرکت کی انہوں نے فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر مسرت اور اطمینان کا اظہار کیا مہمان خصوصی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات اور اسناد تقسیم کیں اور کہا کہ ایسے ایونٹس نوجوانوں میں امن، بھائی چارے اور کھیلوں سے محبت کو فروغ دیتے ہیں انہوں نے مستقبل میں بھی اسی نوعیت کی تقریبات کے تسلسل کا عزم ظاہر کیا دریں اثنا عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ ایسی صحت مندانہ سرگرمیاں نوجوانوں کے لیے مثبت رجحانات کا سبب بنتی ہیں۔

## تربت: انتظامیہ اور مظاہرین میں مذاکرات، دو دن سے جاری دھرنا ختم

تربت (نامہ نگار) ضلع کیچ کے ہیڈکوارٹر تربت میں ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ اور مظاہرین کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد ایم 8 شاہراہ پر گزشتہ دو دن سے جاری دھرنا ختم کر دیا گیا جس کے بعد شاہراہ پر ٹریفک مکمل طور پر بحال ہوگئی مذاکرات کے عمل میں ڈسٹرکٹ چیئرمین میر ہوتمان بھی شریک تھے ضلع انتظامیہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی اور میجر سلام بلوچ مظاہرین سے بات چیت کی اور انہیں یقین دلایا کہ ان کے مطالبات اعلیٰ انتظامیہ تک پہنچائے جائیں گے بعد ازاں مذاکراتی ٹیم مظاہرین کے نمائندہ وفد کو ہمراہ لے کر تربت پہنچی ڈپٹی کمشنر بشیر احمد بڑیچ نے وفد سے اپنے دفتر میں ملاقات کی اور مطالبات پر عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی انتظامیہ کی جانب سے مثبت ردعمل اور یقین دہانی کے بعد مظاہرین نے دو دن سے جاری دھرنا ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔

MASHRIQ QUETTA

## تعلیمی معیار اور تحقیقی سرگرمیوں میں مزید بہتری کی ضرورت ہے، ڈاکٹر ظہور احمد بازئی

**تمام اسٹی ٹیوٹس اور سنٹرز میں تحقیق کے فروغ کو ترجیح دی جا رہی ہے، بورڈ آف گورنرز کے اجلاس سے وی سی کا خطاب**

**اجلاس میں بجٹ، تحقیق کے فروغ، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت، مجموعی فعالیت میں اضافے سے متعلق متعدد سفارشات منظور کیں**

کوئٹہ (اے پی پی) جامعہ بلوچستان کے ایریا اسٹڈی سنٹر برائے مشرق وسطیٰ و عرب ممالک کا بورڈ آف گورنرز کا 25 واں اجلاس جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا جس کی صدارت وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ایریا اسٹڈی سنٹر ڈاکٹر جہانزیب نے شرکا کا خیر مقدم کرتے ہوئے اجلاس کا ایجنڈا اور ورکنگ پیپرز پیش کیے۔ اجلاس میں آن لائن شرکت کرنے والوں میں پروفیسر ڈاکٹر راضیہ سلطانہ، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی مردان، ڈاکٹر نوشابہ، ایس ممبر ہائر ایجوکیشن کمیشن، سید وقار علی شاہ، ڈاکٹر سجاد اعوان، ڈاکٹر جلال فیض، سابق پرو وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی، وائس چانسلر میر چاکر خان رند پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ یونیورسٹی سبی، ڈائریکٹر پاکستان اسٹڈی سنٹر جامعہ بلوچستان، ڈاکٹر محمد عثمان توبہ وال، وین ڈاکٹر زینب بی بی شامل تھے۔ اجلاس میں سینٹر کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں، انتظامی امور، جاری منصوبوں اور مالی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر نے قومی و بین الاقوامی روابط، تحقیق کے فروغ اور مستقبل کے تعلیمی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے تعلیمی معیار اور تحقیقی سرگرمیوں میں مزید بہتری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جامعہ بلوچستان تمام اسٹی ٹیوٹس اور سنٹرز میں تحقیق کے فروغ کو اولین ترجیح دے رہا ہے۔ بورڈ آف گورنرز نے بجٹ، تحقیق کے فروغ، افرادی قوت کی بہتری، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور ادارے کی مجموعی فعالیت میں اضافے سے متعلق متعدد سفارشات منظور کیں۔ شرکا نے ایریا اسٹڈی سنٹر کی کارکردگی کو سراہا اور جامعہ بلوچستان کی قیادت کے اقدامات کی تعریف کی۔ اجلاس کا اختتام چیئر کی جانب سے اظہار تشکر کے ساتھ ہوا۔

MASHRIQ QUETTA

## بلال خان کاکڑ سے خواتین وفاقی محتسب فوزیہ وقار کی ملاقات

**ہراسانی کے نئے ریجنل آفس کوئٹہ کے قیام کیلئے ادارہ جاتی تعاون میں اضافے پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے خواتین وفاقی محتسب فوزیہ وقار نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی کے نئے ریجنل آفس کوئٹہ کے قیام کے تناظر میں ادارہ جاتی تعاون میں اضافے پر تبادلہ خیال کیا گیا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سینئر افسران بھی ملاقات میں شریک تھے۔ اجلاس میں ہراسگی سے بچاؤ کے قوانین سے متعلق آگاہی بڑھانے، شکایات کے موثر ازالے اور سرکار............ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ی و نجی اداروں میں قانون پر عملدرآمد کو مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، معاشی سرگرمیوں کے استحکام اور خواتین کی ورک فورس میں زیادہ شمولیت کے لئے محفوظ، باوقار اور ہراسگی سے پاک ماحول ناگزیر ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بی بی او آئی ٹی فوسپا کی کاوشوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا، جس میں آگاہی سیشنز، تربیتی ورکشاپس اور کاروباری اداروں کے ساتھ روابط شامل ہیں۔ محترمہ فوزیہ وقار نے ادارے کے وسعت پذیر مینڈیٹ پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نیا ریجنل آفس کوئٹہ شہریوں کو فوری انصاف اور معاونت کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا کیونکہ پہلے بلوچستان کے زیادہ تر کیسز اسلام آباد میں نمٹائے جاتے تھے۔

## قلعہ سیف اللہ ایک شخص کو ذبح کرنے والا ملزم موقع پر گرفتار

**انصاف کے تقاضے پورے اور ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، پولیس**

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) قلعہ سیف اللہ کے مضافاتی علاقے میں ایک دلخراش واقعہ پیش آیا، جہاں نامعلوم وجوہات کی بنا پر ایک شخص کو بے دردی سے ذبح کر کے قتل کر دیا گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او عصمت اور ایڈیشنل ایس ایچ او رحیم الدین کاکڑ پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا جبکہ جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھے کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ پولیس............ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

حکام کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا جا رہا ہے اور قتل کے محرکات کو مختلف پہلوؤں سے دیکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ انصاف کے تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے اور ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 02 DEC 2025 Page No. 19

## بی اے پی کا اجلاس، الیکشن کمیشن سے PB-36 قلات میں فوری الیکشن کا مطالبہ

**حلقہ ڈیڑھ سال سے اپنے نمائندے سے محروم ہے، جلد الیکشن کروا کر حلقے کے عوام کو نمائندگی دی جائے، اجلاس**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و وفاقی وزیر خالد خان مگسی کی زیر صدارت کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، سینیٹر عبدالقادر، سینیٹر منظور کاکڑ، سینیٹر دنیش کمار، سید عابد حسن، پرنس احمد عمر احمدزئی، میر ضیاء لانگو، سینیٹر نصیب اللہ بازئی سمیت دیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ملکی، صوبائی سیاسی، و بلوچستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ بی اے پی کے رہنماؤں نے الیکشن سے قلات کے حلقہ پی بی 36 میں التوا الیکشن کرانے کا مطالبہ کیا اور فیصلہ کیا کہ بی اے پی کا اعلیٰ وفد چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات کرے گا۔ بلوچستان عوامی پارٹی کا قلات کے حلقہ 36 میں الیکشن کرانے سے متعلق قومی اسمبلی، سینیٹ اور بلوچستان اسمبلی میں آواز اٹھانے کا فیصلہ کیا اور کہا کہ ڈیڑھ سال سے قلات کا حلقہ 36 اپنے نمائندے سے محروم ہے۔ الیکشن کمیشن جلد سے جلد الیکشن کرا کے حلقے کے عوام کو نمائندگی دے۔

## خنائی بابا سے زیارت روڈ غیر ضروری تاخیر کا شکار، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جمعیت

**سڑک کی حالت اب کھنڈرات جیسی، برفباری کے دوران یہاں پیدل چلنا بھی ممکن نہیں ہوگا، بیان**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ خنائی بابا سے زیارت روڈ غیر ضروری تاخیر کا شکار ہونے کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ شاہراہ نہ صرف زیارت بلکہ سنجاوی، ضلع دکی اور لورالائی کے شہریوں کے لیے آمد و رفت کا اہم ذریعہ ہے۔ افسوسناک طور پر اس سڑک کی حالت اب کھنڈرات جیسی ہو چکی ہے اور برفباری کے دوران یہاں پیدل چلنا بھی ممکن نہیں ہوگا۔ مزید برآں، یہ سڑک صوبائی دارالخلافہ تک مریضوں کی بروقت رسائی کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے، لیکن متعلقہ اداروں کی غیر سنجیدہ رویہ نے اس اہم شاہراہ کی اہمیت کو نظرانداز کر دیا ہے، جو ایک سنگین انسانی مسئلہ ہے۔ علاقے کی دیگر اہم شاہراہیں بھی اسی طرح زوال پذیر حالت میں ہیں، جس سے عوام کو نقل و حرکت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ گیس اور بجلی کے بنیادی مسائل کے بعد اب یہ سڑکیں عوام کے لیے مزید آزمائش بن گئی ہیں۔ زیارت کے شہری سردیوں کے سخت اور دشوار حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، اور انتظامیہ کی غیر سنجیدہ کارکردگی نے ان مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ خنائی بابا سے زیارت روڈ کی فوری بحالی اور تکمیل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو مزید مشکلات اور خطرات کا سامنا نہ کرنا پڑے، سردیوں کا موسم شروع ہو چکا ہے۔

## بلوچستان کو نوگوایریا بنانے والے وسائل و اختیارات پر مسلط ہیں، ہدایت الرحمٰن

**سی پیک سینڈک، ریکوڈک و دیگر پراجیکٹس کے ثمرات سے محرومی بلوچستان کے بڑے مسائل ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو نوگوایریا بنانے والے وسائل و اختیارات پر مسلط ہیں، عوام کے ووٹوں و اعتماد سے محروم لوگ مسائل میں کمی کے بجائے اضافہ کر رہے ہیں، جماعت اسلامی حق دو بلوچستان مہم کے ذریعے حقوق کے حصول، ظلم و جبر، لاقانونیت، بدامنی، بدحکومتی، بار بار بندش اور لوگوں کو لاپتہ کرنے کے خلاف اسمبلی کے اندر و باہر جدوجہد کر رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے گوادر میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کی۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک، سینڈک، ریکوڈک و دیگر پراجیکٹس کے ثمرات سے محرومی بلوچستان کے بڑے مسائل ہیں، اکثر علاقوں میں آج بھی پینے کا پانی، بجلی، گیس، تعلیم و صحت کی سہولت عوام کو میسر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کے عوام بھی مسائل کا شکار ہیں، عوام بہت جلد مثبت تبدیلی محسوس کریں گے۔ دریں اثنا امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سے حق دو تحریک بلوچستان کے مرکزی وائس چیئرمین حاجی ناصر پلیزئی نے گوادر میں ملاقات کی جس میں حق دو تحریک بلوچستان کو مزید منظم اور فعال کرنے پر غور کیا گیا۔

## پشین کی ضلعی کانفرنس قومی تحریک کی جدوجہد آگے بڑھانے کا ذریعہ ہوگی، پشتونخوا میپ

**کوئٹہ کی ماہانہ ضلعی کمیٹی کے اجلاس سے رضا محمد رضا اور صوبائی صدر نصر اللہ زیرے کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین اور سابق سینیٹر رضا محمد رضا، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ پشین کی ضلعی کانفرنس انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ کانفرنس خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی اور پشتون قومی تحریک کے رہنما سر اغان مندوخیل کی 34 ویں برسی کے موقع پر منعقد کی جا رہی ہے، جو قومی تحریک کی تاریخی جدوجہد کو نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھانے کا ذریعہ ثابت ہوگی۔ رہنماؤں نے ان خیالات کا اظہار ضلع کوئٹہ کی ماہانہ ضلعی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کی نظامت کے فرائض ضلع سینئر معاون سیکریٹری ندا اسکر اور رحمت اللہ صابر نے انجام دیے جبکہ پارٹی کے سینئر سیکریٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی ڈپٹی سیکریٹریز عبدالرزاق خان بڑیچ، علی محمد ترین، زمان خان کاکڑ، سلیمان خان بازئی، عبداللہ توخی سمیت ضلع ایگزیکٹو اور ضلعی کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ پارٹی رہنماؤں نے کوئٹہ میں پارٹی کی تنظیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ نے جس تنظیمی بنیاد کو استوار کیا تھا، آج پارٹی اسی بنیاد پر مضبوطی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ پشتون قومی تحریک کی بنیاد ہمارے عظیم رہنماؤں نے رکھی، جن میں سرفہرست خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی ہیں۔ ہم اپنے اسلاف عبدالرحیم خان مندوخیل، ملی شہید عثمان خان کاکڑ اور دیگر قومی رہنماؤں کے مشن اور ارمانوں کی تکمیل کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

## 18 ویں ترمیم کے دفاع کیلئے بلاول بھٹو کا موقف قابل تعریف ہے، ڈاکٹر مالک

**تمام سیاسی و جمہوری جماعتوں کو اس ترمیم کو رول بیک کرنے کی کوشش کی مکمل مخالفت کرنی چاہیے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی 18 آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کی مضبوطی و دفاع سے متعلق موقف کو نہایت مثبت اور سنجیدہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جمہوری و حقیقی ترامیم و اصلاحات وفاقی ڈھانچے کی مضبوطی اور قومی اکائیوں کی سیاسی و معاشی استحکام کی بنیاد اور علامت ہیں، جو جمہوری و سیاسی قوتوں کی طویل جمہوری جدوجہد و سنجیدہ سیاسی عمل کے مرہون منت ہیں۔ تمام سیاسی و جمہوری جماعتوں کو 18 ویں آئینی ترمیم کو رول بیک کرنے کی کوشش کی مکمل مخالفت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ نے قومی اکائیوں کو بااختیار بنایا۔ 18 ویں آئینی ترمیم نے قومی اکائیوں کی سیاسی و معاشی حقوق کو تحفظ فراہم کیا جو چارٹر آف ڈیموکریسی کا بنیادی حصہ ہے جس پر سیاسی جماعتوں کی اجتماعی بصیرت، مفاہمت اور طویل سیاسی جمہوری جدوجہد کا تاریخی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت سیاسی و معاشی بحران کا شکار ہے ایسے میں تمام جمہوری قوتیں آئین کی حکمرانی، پارلیمان کی بالادستی، صوبوں کی خودمختاری اور 18 ویں ترمیم کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کریں۔ نیشنل پارٹی صوبوں کے قومی و آئینی حقوق اور وسائل پر اختیار کی وکالت ہر فورم پر کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 02 DEC 2025 Page No. 20

# سیکیورٹی فورسز نے کچھی بولان میں دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنادیا، 4 دہشتگرد ہلاک

## فورسز نے کارروائی خفیہ اطلاع پر کی، بھاری تعداد میں اسلحہ قبضے میں لے کر ٹھکانوں کو مسمار کردیا

(... رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے کچھی بولان [illegible] دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے ڈھاڈر نغاری ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے چار دہشت گرد ہلاک بھاری تعداد میں اسلحہ قبضے میں لے کر ٹھکانوں کو مسمار کردیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں نے کچھی بولان میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کیلئے ڈھاڈر نغاری میں ٹھکانے بنائے ہوئے ہیں جس پر سیکورٹی فورسز نے گزشتہ روز ڈھاڈر نغاری کے علاقے میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا اس دوران دہشت گردوں نے فورسز کو دیکھتے ہی شدید فائرنگ شروع کردی تاہم جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی فائرنگ کی فائرنگ کا سلسلے ایک گھنٹے تک جاری رہا فورسز کی فائرنگ سے کالعدم تنظیم کے چار دہشت گرد مارے گئے جبکہ فورسز نے ٹھکانوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے کر ٹھکانوں کو مسمار کردیا سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ کئی دہشت گرد زخمی بھی ہوئے جنہیں ساتھی دہشت گرد رات کی تاریکی میں لے کر فرار ہوگئے جن کے خلاف آپریشن جاری ہے۔

## پنجگور: پولیس تھانہ وشبود پر مسلح افراد کا حملہ، ریکارڈ نذرآتش

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور سریکوران پولیس تھانہ وشبود پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا، اور متعدد راکٹ داغے گئے جس میں تھانے کے ریکارڈ اور دیگر چیزوں کو نذرآتش کردیا ہے جس پر سیکورٹی فورسز اور پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے صورتحال پر مکمل کنٹرول حاصل کرلیا۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق پولیس تھانہ سریکوران پر حملے کے نتیجے میں پورا علاقہ دھماکوں اور فائرنگ سے گونج اٹھا ہے علاقے میں کلیئرنس اور تفتیشی عمل جاری ہے، جبکہ امن وامان کی مجموعی صورتحال تسلی بخش ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی: موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی واردات

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور چھتر سے دو افراد کو موٹر سائیکلوں نقدی اور موبائل فونز سے محروم کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود مال مویشی منڈی سے عطاء اللہ مگسی کی موٹر سائیکل چوری کرلی گئی جبکہ چھتر پولیس تھانے کی حدود سے نامعلوم مسلح افراد گن پوائنٹ پر بہت علی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔

## کوئٹہ: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مہمان خاتون جاں بحق، اہل خانہ فرار ہوگئے

### مسلح افراد نے خاتون کو گھر میں گھس کر گولیاں ماریں، ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشرقی بائی پاس پرکانی اسٹریٹ گھر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مہمان خاتون جاں بحق ہوگئی جبکہ اہل خانہ گھر سے فرار ہوگئے پولیس نے مقتولہ کی بیٹی کو شامل تفتیش کرلیا پولیس کے مطابق گاہی خان چوک کی رہائشی خاتون فہمیدہ بی بی زوجہ عبدالستار اپنی جوان بیٹی کے ہمراہ گزشتہ روز اپنے عزیز کے گھر واقعہ سریاب بائی پاس پرکانی اسٹریٹ مہمان گئی تھی دوپہر ڈھائی بجے نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کرکے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں مہمان خاتون فہمیدہ بی بی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی پولیس نے بتایا گھر میں موجود اہل خانہ موقع سے فرار ہوگئے ہے جن کی تلاش شروع کردی ہے جبکہ منظور شہید پولیس نے مقدمہ درج کرکے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کردیا سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے مقتولہ کی چشم دید گواہ بیٹی کو شامل تفتیش کرلیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 DEC 2025 Page No.21

# گرین بسوں کی تعداد میں اضافہ، لوکل بسوں پر پابندی ہٹائی جائے، مسافروں کا مطالبہ

## بسوں کم تعداد کی وجہ سے خواتین بس سٹاپوں پر گھنٹوں انتظار کرتی دیکھائی دیتی ہیں، حاجی صاحب جان

## سمنگلی اور نوحصار کیلئے گرین بسیں نہ ہونے کی وجہ سے بزرگ بچے طلباء سرکاری ملازمین پیدل سفر کرنے پر مجبور ہیں، سید امین اللہ شاہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹ) بلوچستان میں لوکل بسوں پر پابندی کا فیصلہ عجلت میں کیا 2 ماہ کا عرصہ گزر گیا نہ گرین بسیں آ رہے ہیں اور نہ ہی لوکل بسوں پر سے حکومتی پابندی کا فیصلہ واپس لیا جاتا ہے صاحب حیثیت لوگ تو اپنی خصوصی گاڑیوں میں سفید پوش لوگ اپنے منزل مقصود تک بروقت پہنچیں مگر طلباء وطالبات کے علاوہ شہروں میں کام کرنے والے مزدور طبقہ مہینے میں 10 سے 20 ہزار کے ملازم ہے روزانہ رکشے کے پیسے کہاں سے ادا کیا جائے دل آمد ورفت بھی روز مرہ نہیں ہوسکتا مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے شہری حاجی صاحب جان کاکڑ نے بتایا ہے کہ بازار سے ہدہ اوڈک تک گرین بسوں کی سروس کا آغاز ہنگامی بنیادوں پر کی جائے قبل از وقت لوکل بسوں کی بندش سے عوام شدید کوفت کا شکار ہے۔ گرین بسیں کراچی پورٹ پر پہنچ چکی ہیں منصوبہ تاخیر کا شکار ہے۔ سید امین اللہ شاہ نے بتایا بسوں کی تعداد کم ہونے اور پبلک ٹرانسپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے گرین بسوں پر عوام کا بے تحاشا رش دیکھنے میں آیا ہے جہاں خواتین بس سٹاپ پر تین سے چار گھنٹے تک انتظار کر رہی ہیں، بسوں کے قیام گاہ میں توسیع کیا جائے تاکہ بزرگ جوان بچے اور خواتین کو ریلیف مل سکے سمنگلی اور نوحصار کے گرین بسیں نہ ہونے کی وجہ سے بزرگ بچے جوان طلباء سرکاری ملازمین اکثر سڑکوں پر پیدل سفر کر رہے ہیں، رکشے اور نجی گاڑی کا کرایہ تو ہر کوئی ادا نہیں کر سکتا ہے ایک جانب غربت پسماندگی تو دوسری جانب غریبوں کی سواری لوکل بسوں پر پابندی عائد کی گئی یہ فیصلہ عجلت میں کیا ہے طلباء اب سیاسی انا کا مسئلہ بن گیا ہے، منیر احمد، بزنجو ارشاد نے بتایا کہ پہلے تو تمام علاقوں کے لوکل بسوں کو قبل از وقت ختم کیا سرکاری و نجی ملازمت کرنے والے لوگ اپنے وقت پر دفاتر اور کاروبار پر نہیں جا سکتے ہیں سریاب روڈ سے لیکر مشرقی بائی پاس تا سوتا خان چوک تک بسیں چلائی جائے

# آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کا اجلاس، گیس پریشر کی کمی پر غم و غصے کا اظہار

## بھاگ شہر کے عوام کو عرصہ دراز سے گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ کی سنگین مشکلات کا سامنا ہے

## فوری مسئلے کا حل نہیں نکالا تو آل پارٹیز ایکشن کمیٹی عوامی احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور ہوگی، شرکا

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا اجلاس بھاگ شہر میں گیس پریشر کی کمی اور گیس لوڈشیڈنگ پر شدید غم و غصے کا اظہار آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا اجلاس چیئرمین ایکشن کمیٹی بھاگ عبدالستار ہنگورگی کی زیر صدارت دفتر نیشنل پارٹی میں بھاگ شہر میں گیس پریشر کی کمی اور گیس لوڈشیڈنگ کے حوالے سے منعقد ہوا جس میں شہر کے مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے اپنی تشویش اور غم و غصے کا بھرپور اظہار کیا اس موقع پر نیشنل پارٹی جمعیت علمائے اسلام پیپلز پارٹی تحریک انصاف بولان یوتھ اتحاد جماعت اسلامی جمہوری وطن پارٹی گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بی این پی عوامی مزدور اتحاد تحریک لبیک بھاگ کو پانی دو تحریک کے رہنماؤں نے شرکت کی اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ بھاگ شہر کے عوام کو عرصہ دراز سے گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ کی سنگین مشکلات کا سامنا ہے جس سے شہریوں کی روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے گیس پریشر میں کمی کے باعث گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ لوڈشیڈنگ کے سبب عوام کی زندگی اجیرن ہو گئی ہے حکام بالا عوامی ضروریات پوری کرنے کے بجائے ان مسائل کو نظرانداز کر رہے ہیں جس کی وجہ سے شہر کے لوگوں میں شدید بے چینی اور ناراضگی پائی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ شہر کے عوام نے بار بار اس مسئلے کو متعلقہ حکام تک پہنچایا ہے اور تحریری و زبانی طور پر اپنی شکایات درج کرائی ہیں مگر تاحال ان مسائل کے حل کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا حکام کی عدم توجہی کی وجہ سے شہریوں کے مسائل مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں اور یہ صورتحال کسی بھی طور پر قابل قبول نہیں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ ذمہ داران فوری طور پر بھاگ شہر میں گیس پریشر کی بحالی کے لیے اقدامات کریں اور لوڈشیڈنگ کے مسائل کا حل نکالیں انہوں نے کہا کہ اگر حکام نے فوری طور پر اس مسئلے کا حل نہیں نکالا تو آل پارٹیز ایکشن کمیٹی عوامی احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور ہو جائے گی رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر آواز اٹھاتے رہیں گے اور عوامی مشکلات کے حل تک چین سے نہیں بیٹھیں گے انہوں نے کہا کہ شہر کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے حکومت کی طرف سے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ شہر کی معیشت اور عوامی زندگی معمول پر آ سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 02 DEC 2025 Page No. 2

# پیپلز پارٹی نے دہشت گردی کے خلاف کھل کر مقابلہ کیا

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں بھٹو شہید کا گھر حاصل کر لینا اس بات کا ثبوت ہے کہ بھٹو زندہ ہے، مزدور اور غریب کے دل میں آج بھی زندہ ہے۔ دہشت گردی کے خلاف وہ جنگ جس کا آغاز شہید بے نظیر بھٹو نے کیا، پیپلز پارٹی نے دہشت گردوں کا راستہ روکا اور شہید ہوئے کہ پاکستان کو بچایا۔ پاکستان ہمارا قابل فخر ہے، اس میں بلوچ اور تمام قومیں کا کردار ہمیشہ یاد رہے گا۔ پیپلز پارٹی نے دہشت گردی کے خلاف کھل کر مقابلہ کیا، چاروں صوبوں کی زنجیر ہے کردی ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی تقریب بے نظیر پاکستان پیپلز پارٹی کی 58 ویں یوم تاسیس کی تقریب میں کیا۔ اس موقع پر صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، جنرل سیکرٹری، پارٹی کے اراکین اسمبلی، صوبائی وزراء، پارٹی کے دیگر رہنماؤں کے علاوہ خواتین اور پارٹی کے جیالوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے سیاست کو ڈرائنگ روم کی حد تک محدود رکھنے کے بجائے عوام تک پہنچایا اور عوام کو طاقت کا سرچشمہ قرار دیا۔ انہوں نے

کہا کہ بھٹو کے نظریات آج بھی زندہ ہیں اور یہ زندہ نظریہ مزدور، غریب اور عوام کے حقوق کے لیے جاری جدوجہد کے راستے کا ضامن ہے۔ عوام ہمیشہ بھٹو کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں اور آج بھی وہ اس نظریے کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ پارٹی کے جیالوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ خواتین سمیت تمام کارکنان پارٹی کی بنیاد اور عوامی خدمت کا حصہ ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنان کے عزم و حوصلہ اور عوام کو یقین دلایا کہ بھٹو کا وژن اور عوام کے لیے ان کی جدوجہد آج بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان ہمارا قابل فخر ملک ہے اور اس میں ہماری افواج کا بہت اہم کردار ہے۔ انہوں نے حالیہ دورے کے دوران ریمنٹ پارک میں پاکستان کی سلامتی اور دفاع کے حوالے سے کی جانے والی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جب ہندوستان نے پاکستان پر حملہ کیا تو ہماری افواج نے بھرپور اور موثر جواب دیا۔ اس کی بنیاد ذوالفقار علی بھٹو کی محنت اور قیادت پر ہے جنہوں نے پاکستان کو ایک مضبوط ملک بنانے کے کردار کا سہرا، انہوں نے پاکستان کو ایٹمی ٹیکنالوجی فراہم کی، جس سے بھارت کے دانت کھٹے ہوئے۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری نے بھی ملک کی فیڈریشن کو خطرات سے بچانے کے لیے اہم کردار ادا کیا اور چاروں صوبوں میں پاکستان کے اتحاد کو مضبوط کیا۔ یہی قربانیاں اور قیادت ہیں جو آج ہمارے دلوں میں زندہ ہیں اور عوام کو مضبوط پاکستان کے لیے متحد کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ بے نظیر بھٹو کو چاروں صوبوں کی زنجیر کہنا حقیقت پر مبنی تھا، کیونکہ انہوں نے ہمیشہ پاکستان کی فیڈریشن اور اتحاد کو مقدم سمجھا۔ اگر راولپنڈی کے آخری جلسے کا خطاب سنیں تو معلوم ہوتا ہے کہ بے نظیر بھٹو کے دل میں سب سے بڑی تڑپ پاکستان کے عوام اور ملک کے امن کی تھی۔ دہشت گردی کے خلاف وہ جنگ جس کا آغاز شہید بے نظیر بھٹو نے کیا تھا، پاکستان پیپلز پارٹی نے نہ صرف جاری رکھا بلکہ سب سے زیادہ قربانیاں دے کر آگے بڑھایا۔ آج تک کوئی دوسری جماعت ایسی مثال پیش نہیں کر سکی جس نے دہشت گردوں کو مسترد کیا ہو۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ پرخطر راستہ ہے، ہمارے کارکن عدم تحفظ کا شکار ہیں، ہم نے اپنے سینکڑوں شہداء دیے، لیکن پاکستان کو بچانے اور دہشت گردی کی جڑیں کاٹنے کے لیے اس راستے کو اپنایا۔ پاکستان پیپلز پارٹی چاروں صوبوں، فاٹا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان تک ایک واضح فیصلہ کر چکی ہے کہ دہشت گردی کے نظام کا مقابلہ نظریے اور عزم کے ساتھ کیا جائے گا۔ ملک میں وہی نظام چلے گا جو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا عوامی اور جمہوری وژن ہے، ایک ایسا نظام جو غریب، مزدور اور محروم طبقات کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کا ایک تاریخی گھر سرکاری قبضے میں تھا، جسے حکومت بلوچستان نے بحفاظت واگزار کرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ گھر سریاب روڈ پر واقع تھا اور بھٹو شہید کی نشانی ہونے کے ناطے پارٹی اور جیالوں کے لیے ایک اہم تاریخی مقام ہے۔ اس سلسلے میں صدر پاکستان آصف علی زرداری سے اجازت طلب کی، جس پر صدر نے گھر کو شہید کارکن کے خاندان کے سپرد کرنے کی منظوری دے دی۔ 18 اکتوبر کے سانحہ میں شہید ہونے والے ایک کارکن کی والدہ کو جلد اس گھر میں منتقل کیا جائے گا۔ یہ بھٹو شہید کی نشانی ہے، اور یہ اعزاز اس خاندان کو دیا جا رہا ہے جس نے پارٹی اور عوام کے لیے قربانی دی۔ بہت جلد شہید کارکن کی والدہ بھٹو شہید کے گھر میں رہائش اختیار کریں گی، جو پاکستان پیپلز پارٹی کے نظریے، قربانی اور وفاداری کی علامت ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی بنیادی ضروریات اور حقوق کی فراہمی کے لیے دن رات کام کر رہی ہے۔ جب حکومت کے ابتدائی دنوں میں پانی کی فراہمی ریڈ زون تک محدود تھی، تو حکومت نے فیصلہ کیا کہ یہ مسئلہ حل کیا جائے اور عوام کے بنیادی حقوق کو یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان کی عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ پارٹی کے کارکنوں اور جیالوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ حکومت کی محنت جاری رہے گی اور وہ عوام کو ہر حال میں مایوس نہیں کریں گے۔ پاکستان کے عوام کے ساتھ تعلق مضبوط کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس پر عمل جاری رہے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 02 DEC 2025 Page No. 23

# Surge of silent death

World AIDS Day carrying the vital theme, "Overcoming Stagnation and Transforming the AIDS Response," was observed On December 1st worldwide. Balochistan finds itself at a critical juncture. The provincial data reveals an urgent public health crisis, the number of registered AIDS patients has surged to 3,303, with 452 deaths reported in the past year alone. This surge demands immediate, transformative action from health authorities and society at large. The increase in registered cases from 2,851 in 2024 to 3,303 in 2025 is complex. While daunting, officials like Director of Health Services Balochistan Dr. Hashim Mengal and Provincial Coordinator Dr. Sehrin Noshirwani rightly points out that this rise, in part, indicates improved surveillance and, encouragingly, that more patients are coming forward for testing and registration. This willingness to engage with the system is a small victory, showing that awareness efforts are beginning to penetrate fear and stigma. The patient profile highlights the challenge: 707 women and 90 transgender persons are registered, with the largest group being male patients, increasing from 2,075 to 2,362. However, the geographical and demographic concentration of the disease is deeply worrying. Quetta, the provincial capital, bears the brunt of the epidemic with 2,164 cases, including the 90 transgender patients. Other vulnerable districts like Turbat (368 cases), Hub (158), Naseerabad (66), and Loralai (96) also show significant patient counts. This indicates that while the disease may be centered in urban hubs, it is clearly traversing regional boundaries, requiring a decentralized health strategy. The data unequivocally shows that the highest HIV prevalence lies within specific key populations: drug-injecting users, followed by men who have sex with men, and transgender persons. The officials' assessment that the rising numbers are largely attributable to a pervasive lack of public awareness underscores the need to target prevention strategies directly at these high-risk groups, employing harm reduction principles and culturally sensitive outreach. To effectively combat this spread, the Balochistan Health Department must follow through on its imperative to enhance the establishment of AIDS therapy centres in all vulnerable districts. Providing free treatment and screening facilities in government hospitals is a non-negotiable step toward reducing transmission and ensuring timely treatment, which is crucial for preventing progression to AIDS and reducing mortality. Furthermore, treatment centres must not only offer medical aid but must also serve as points of non-judgmental education and destigmatization. The theme of World AIDS Day 2025 "Overcoming Stagnation" is a direct challenge to the province. The crisis demands that the government transform its response from a passive registration process to an aggressive, well-funded, and decentralized public health campaign.

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily QUDRAT QUETTA
Bullet No. 6 Dated: 02 DEC 2025 Page No. 24

# ”ایکس کا ٹرانسپیرنسی فیچر بلوچستان کا دشمن پراپیگنڈا نیٹ ورک بے نقاب“

سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابقہ ٹویٹر) کے نئے ٹرانسپیرنسی فیچر نے پاکستان خصوصاً بلوچستان مخالف بیرونی پراپیگنڈا نیٹ ورک بے نقاب کر دیا۔ بھارت کی خفیہ ایجنسی ”را“ اور فتنہ الخوارج گروہوں کے درمیان واضح رابطہ ایک بار ثابت ہوگیا ہے، افغانستان اور بلوچستان میں موجود دہشت گرد تنظیموں نے جڑے ایکس ہینڈلز منظم انداز میں انتہاپسند بیانیہ پھیلا رہے ہیں۔ اسرائیلی، ایرانی اور روسی انفلوئنسرز کا بھیس اپنائے متعدد اکاؤنٹس بھارت سے پاکستان مخالف پراپیگنڈا چلا رہے ہیں۔ ایکس کے ٹرانسپیرنسی ٹول کے مطابق افغان دفتر خارجہ کے ترجمان کا ہینڈل بھی بھارت سے آپریٹ ہو رہا ہے۔ ٹرانسپیرنسی ٹول کے مطابق 90 فیصد تک پاکستان مخالف آن لائن پراپیگنڈا دشمن ممالک کے ٹرول فارمز سے جنریٹ ہو رہا ہے۔ افغانستان میں فتنہ الخوارج اور دیگر دہشت گرد تنظیموں سے جڑے اکاؤنٹس انتہاپسند بیانیہ بڑھا رہے ہیں، اس وقت بلوچستان میں شدت پسند، عسکریت پسند کالعدم تنظیموں اور ان کے سہولت کاروں کے اکاؤنٹس بھی بھارت سے چلائے جا رہے ہیں۔ بلوچ حقوق کی دعویدار نام نہاد بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کی چیئرپرسن ماہ رنگ لانگو کا ایکس اکاؤنٹ MahrangFaloch سنگاپور سے آپریٹ کیا جا رہا ہے، جبکہ بلوچستان میں ریاستی اداروں کے خلاف منفی پراپیگنڈا کر کے دہشت گرد تنظیموں کو پروموٹ کرنے والے درج ذیل ایکس اکاؤنٹس

MIrYarBaloch, BahutBaloch, BalochistanFacts, AmirBaloch, SafarKhanBaloch, page3NewsThani, SadafBaloch, DurBibi, BalochBrahag, TheBalochistanPost

بھارت سے چلائے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ MehranMarri کا اکاؤنٹ اسٹونیا سے، MahzebShafiq کا یورپ سے




اور DeedagBaloch کا نیدرلینڈز سے آپریٹ کیے جا رہے ہیں۔ راقم نے رواں سال 28 اپریل کو اپنے ایک کالم بعنوان ”بلوچستان میں سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پراپیگنڈا! بھارت ملوث“ میں پہلے ہی یہ انکشاف کیا تھا کہ بلوچستان میں ریاست اور اداروں کے خلاف زہریلا اور گمراہ کن پراپیگنڈا پھیلانے والے یہ مخصوص سوشل میڈیا ایکس اکاؤنٹس

The Jaipur Dialogue, Frontolforce, Fazila Baloch, Baba Banaras, OsintTV, Mini Razdan, NYLAH BALOCH, India Blooms, Ramesh Tiwari, India Narrative, Sundram, Narendra Bishnoi, News Videos of India, Khushi Yadav, Kreatly, Kapadia CP, Ash William, Nitin Singh Khtoch, Nora Olsen, Chris Benoit

براہ راست بھارت سے آپریٹ کیے جا رہے ہیں۔ ایکس کے لوکیشن دکھانے کے نئے فیچر نے اس پوری پراپیگنڈا مشینری کو بے نقاب کر دیا ہے اور یہ حقیقت اب عالمی سطح پر کھل کر سامنے آ چکی ہے کہ ریاست مخالف عناصر اور تنظیموں کے متعدد اکاؤنٹس کی لوکیشن افغانستان، بھارت اور دیگر ممالک سے ظاہر ہو رہی ہے۔ واضح رہے کہ حکومت بلوچستان اور متعلقہ ادارے روز اول سے یہ بیان کرتے آئے ہیں کہ بلوچستان کے حوالے سے پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا اور گمراہ کن بیانیہ تیار کرنے والے عناصر بیرون ممالک بیٹھ کر ایک مخصوص ایجنڈے کے تحت تعلیم یافتہ بلوچ نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جھوٹی ریاستی ناانصافیوں اور محرومیوں کی من گھڑت کہانیاں سنا کر ان کے ہاتھوں سے قلم اور کتابیں چھین کر ہتھیار تھمائے جاتے ہیں، تاکہ انہیں ریاست کے خلاف استعمال کیا جا سکے۔ قومی دھارے میں شامل ہونے والا بھارتی اسپانسرڈ بی ایل اے کا سابق کمانڈر طلعت عزیز جیسے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان جس کا زندہ ثبوت ہیں۔ واضح رہے کہ دسمبر 2024 میں وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی سائبر کرائم ونگ نے بلوچستان میں سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پراپیگنڈا کے حوالے سے ایک تفصیلی رپورٹ شائع کی تھی۔ اس رپورٹ میں انکشاف کیا گیا تھا کہ صرف تین ماہ کے دوران 924 ایسے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی نشاندہی کی گئی جو مبینہ طور پر ریاست مخالف مواد پھیلا رہے تھے۔ ان میں 487 فیس بک، 190 ٹک ٹاک، 147 ٹویٹر (ایکس)، 88 انسٹاگرام اور 12 دیگر پلیٹ فارمز کے اکاؤنٹس شامل تھے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ان میں سے 312 اکاؤنٹس کو بلاک کر دیا تھا جبکہ باقی اکاؤنٹس کے خلاف کارروائی کا عمل جاری تھا۔ واضح رہے کہ یہ رپورٹ ایک سال قبل کی تھی اور اس وقت ان اکاؤنٹس کے علاوہ بھی بلوچستان میں بی ایل اے، بی ایل ایف، بی آر پی جیسی دیگر کالعدم تنظیموں کو پروموٹ کرنے والے ایکس سمیت دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر متعدد اکاؤنٹس سرگرم ہیں جنہیں بھارت سے آپریٹ کیا جا رہا ہے۔ ان اکاؤنٹس کا مقصد صرف اور صرف نوجوان نسل کو ریاست کے خلاف بغاوت پر اکسانا ہے۔ ایکس کے ٹرانسپیرنسی فیچر نے نہ صرف ان جعلی اکاؤنٹس کے جغرافیائی محل وقوع کو بے نقاب کیا بلکہ اس بات کا بھی واضح ثبوت فراہم کر دیا کہ یہ پوری مہم ایک منظم، ہمہ جہت اور بیرونی ایجنسیوں کی سرپرستی میں چلنے والا نیٹ ورک ہے۔ بھارت کی سرزمین سے چلنے والے یہ اکاؤنٹس بلوچستان میں دہشت گردی، بدامنی اور انتشار کو ہوا دینے کے لیے سوشل میڈیا کو بطور ہتھیار استعمال کر رہے ہیں۔ یہی اکاؤنٹس جھوٹی گمشدگیوں، جعلی مظالم، دہشتگرد تنظیموں کے من گھڑت آپریشنز اور اداروں کے خلاف زہر آلود پراپیگنڈا پھیلا کر عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ تمام حقائق اس امر کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان میں پھیلنے والی افواہیں، من گھڑت خبریں اور ریاست مخالف بیانیے بیرونی ایجنڈے کے تحت تیار اور پھیلائے جاتے ہیں۔ دشمن کی یہ کوشش ہے کہ بلوچستان کے عوام اور ریاست کے درمیان خلیج پیدا کی جائے، نوجوانوں کو ریاست سے بدظن کیا جائے اور ملک کے خلاف نفرت کو ہوا دی جائے۔ ایکس کے ٹرانسپیرنسی فیچر کے ذریعے بے نقاب ہونے والا یہ نیٹ ورک اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ میڈیا اور عوام اداروں کے ساتھ مل کر اس پراپیگنڈا دہشت گردی کا مقابلہ کریں۔ جعلی اکاؤنٹس کی مسلسل رپورٹنگ اور ڈیجیٹل آگاہی ہی وہ موثر ہتھیار ہیں جن کے ذریعے اس دشمن بیانیے کو شکست دی جا سکتی ہے۔ یہ حقیقت اب پوری دنیا کے سامنے آ چکی ہے کہ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے، پاکستان کو بدنام کرنے اور نوجوانوں کے اذہان کو مسموم کرنے کے پیچھے ایک منظم، بیرونی سرپرستی یافتہ ڈیجیٹل نیٹ ورک سرگرم ہے، جس کو بے نقاب کرنا اور اس کا خاتمہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 02 DEC 2025 Page No. 27

# سی پیک سے آگے۔۔۔ تعلیمی راہداری

تحریر: عنایت الرحمن

پاکستان اور چین کی دوستی کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ دفاعی میدان ہو یا معاشی تعاون، دونوں ممالک نے ایک دوسرے پر بھرپور اعتماد کیا ہے۔ مگر آج کے تیز رفتار، سائنسی اور تکنیکی دور میں وہ شعبہ جس میں دونوں ملک اب تک اپنی حقیقی صلاحیت استعمال نہیں کر پائے۔۔۔ وہ تعلیم ہے۔ اس حقیقت میں کوئی شک نہیں کہ مضبوط تعلیمی بنیاد ہی پائیدار ترقی، عوامی روابط اور روشن مستقبل کی اصل ضمانت ہوتی ہے۔

پاکستان اور چین نے تعلیم کے شعبے میں باضابطہ تعاون 1960 میں اس وقت شروع کیا جب دونوں ممالک نے ثقافتی اور تعلیمی تعاون کا پہلا معاہدہ کیا۔ مگر کئی دہائیوں کے باوجود یہ تعلق اپنی پوری بلندی تک نہیں پہنچ سکا۔ اس کی بڑی وجہ دونوں ممالک کے نظام تعلیم میں نمایاں فرق ہے، جس نے روابط کو آگے بڑھنے سے روکا۔

پاکستان اور چین کی آزادی کے وقت حالات تقریباً یکساں تھے۔ پاکستان کی شرح خواندگی 16.3 فیصد اور چین کی 20 فیصد تھی۔ تاہم وقت کے ساتھ چین نے تعلیم کو قومی ترقی کا ستون بنایا جبکہ پاکستان دیگر ترجیحات میں الجھتا رہا۔ آج چین کی تعلیم پر سرمایہ کاری 812 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے جو اس کے جی ڈی پی کا تقریباً 4.22 فیصد ہے۔ اس بھاری سرمایہ کاری کا نتیجہ یہ نکلا کہ چین نے 9 سالہ لازمی تعلیم میں تقریباً سو فیصد انرولمنٹ حاصل کر لی، جبکہ پاکستان اب بھی عالمی سطح پر اسکول سے باہر بچوں کی دوسری بڑی تعداد رکھتا ہے۔

چین آج دنیا کے 200 سے زائد بہترین ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، آئی ٹی اور طب کے اداروں کی میزبانی کر رہا ہے۔ بیجنگ یونیورسٹی، چنگھوا یونیورسٹی، فودان یونیورسٹی، ژی جیانگ یونیورسٹی اور شانگھائی جیاؤتونگ یونیورسٹی عالمی رینکنگ میں مسلسل ٹاپ 100–50 میں شامل رہتی ہیں۔ چین سالانہ 12 ہزار سے زائد پاکستانی طلبہ کو مختلف نوعیت کی اسکالرشپس فراہم کرتا ہے۔ چین کی طرف سے دی جانے والی CSC • اسکالرشپس، سی پیک اسکالرشپس، علاقائی تعاون کے تعلیمی پروگرام، زرعی تحقیق، انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، ماحولیات، میڈیکل سائنسز اور ووکیشنل ٹریننگ • کے پروگرام پاکستانی نوجوانوں کے لیے ترقی کا نیا باب کھول رہے ہیں۔ چین کے تعلیمی اداروں میں نہ صرف فیس کم ہے بلکہ ہاسٹل، طبی سہولیات اور تحقیق کے مواقع بھی دنیا کے کئی ترقی یافتہ ممالک کے مقابلے میں زیادہ بہتر اور سستے ہیں۔ چین میں قائم جدید ترین • ٹیکنالوجی پارکس، اسمارٹ لیبز، انکیوبیشن سینٹرز، مصنوعی ذہانت کے تحقیقی مراکز، اور زرعی جدت کے تجربہ گاہیں • پاکستان کے طلبہ کو جدید ترین علم فراہم کرتی ہیں۔ چین کی یہ سرمایہ کاری صرف تعلیم تک محدود نہیں بلکہ وہ اعصابی، حیاتیاتی، صنعتی اور خلائی تحقیق میں بھی اپنی جگہ بنا چکا ہے۔ آج دنیا میں سب سے زیادہ انجینئر اور سائنسدان چین میں تیار ہوتے ہیں۔۔ سالانہ تقریباً 45 • لاکھ گریجویٹس • سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں سے نکل کر عالمی معیشت کا حصہ بنتے ہیں۔

پاکستان کے لیے ان مواقع کی اہمیت دوچند ہے۔ پاکستان کا تعلیمی بجٹ اب بھی 5 ارب ڈالر سے کم ہے اور جی ڈی پی کا صرف 1.5 فیصد خرچ ہوتا ہے۔ اس کمزور سرمایہ کاری کے نتیجے میں پاکستان میں اعلیٰ تعلیم بدترین حالت کا شکار ہے۔ جامعات تحقیق میں پیچھے، ٹیکنالوجی سے غیر متعلق، اور ووکیشنل تربیت فرسودہ نظام کے مطابق چل رہی ہے۔ ، کے برعکس چین نے جدید • اسکل بیسڈ تعلیمی نظام • اختیار کر کے نوجوانوں کو نہ صرف تعلیم بلکہ مہارت، صلاحیت اور روزگار کی ضمانت فراہم کی۔ پاکستان اگر چین کے تجربات سے فائدہ اٹھائے تو وہ اپنے تعلیمی ڈھانچے کو مکمل طور پر جدید بنیادوں پر استوار کر سکتا ہے۔ چین کی طرز پر نیا ووکیشنل سسٹم، جدید ٹیکنیکل تربیت، کسانوں کے لیے اسمارٹ ایگریکلچر پروگرام، آئی ٹی ہبز، اور جدید سائنسی تحقیقی مراکز پاکستان کی معاشی حالت بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستان میں اگر اسکولوں اور کالجوں میں چینی زبان کی تدریس کو عام کیا جائے تو پاکستانی نوجوانوں کے لیے • بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کے 150 ممالک میں روزگار کے دروازے کھل سکتے ہیں۔ چینی مثال یہ بھی بتاتی ہے کہ کسی قوم کی معاشی اور سیاسی ترقی میں خواتین کی تعلیم بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ چین نے ریاستی پالیسی کے ذریعے خواتین کی تعلیم کے رکاوٹوں کو ہٹایا اور انہیں قومی ترقی کا فعال حصہ بنایا۔ پاکستان بھی اگر ایسا کرے تو تعلیم کا فائدہ معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ سکتا ہے۔ چین کا میرٹ پر مبنی اور اپٹیٹیوڈ بیسڈ تعلیمی ماڈل پاکستان کے لیے خاص طور پر اہم ہے۔ چین میں ہر طالب علم کو اس کے رجحان کے مطابق شعبہ منتخب کروایا جاتا ہے، جس سے نہ صرف انفرادی ترقی ہوتی ہے بلکہ ملک کی مجموعی افرادی قوت بھی موثر بنتی ہے۔ پاک چین تعلیم میں تعاون نہ صرف جدید افرادی قوت تیار کرے گا بلکہ دونوں ممالک کے عوام کو بھی مزید قریب لائے گا۔ جو تعلق صرف معیشت یا سفارت تک محدود تھا، وہ نسلوں تک پھیلنے والی دوستی میں تبدیل ہو جائے گا۔ پاکستان کے لیے وقت کا سب سے بڑا تقاضا یہی ہے کہ وہ تعلیم کو ریاستی ترجیح بنائے، سرمایہ کاری بڑھائے، اصلاحات متعارف کرائے اور چین کے ساتھ تعلیمی بندھن کو مضبوط کرے، کیونکہ مستقبل انہی ممالک کا ہے جو علم اور تحقیق میں دنیا سے آگے ہوں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No.

Dated: 01 DEC 2025 Page No.


## سی پیک سے آگے...... تعلیمی راہداری



تحریر: عنایت الرحمٰن

پاکستان اور چین کی دوستی کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ دفاعی میدان ہو یا معاشی تعاون، دونوں ممالک نے ایک دوسرے پر بھرپور اعتماد کیا ہے۔ مگر آج کے تیز رفتار، سائنسی اور تکنیکی دور میں وہ شعبہ جس میں دونوں ملک اب تک اپنی حقیقی صلاحیت استعمال نہیں کر پائے — وہ تعلیم ہے۔ اس حقیقت میں کوئی شک نہیں کہ مضبوط تعلیمی بنیاد ہی پائیدار ترقی، عوامی روابط اور روشن مستقبل کی اصل ضمانت ہوتی ہے۔ پاکستان اور چین نے تعلیم کے شعبے میں باضابطہ تعاون 1960 میں اس وقت شروع کیا جب دونوں ممالک نے ثقافتی اور تعلیمی تعاون کا پہلا معاہدہ کیا۔ مگر کئی دہائیوں کے باوجود یہ تعلق اپنی پوری بلندی تک نہیں پہنچ سکا۔ اس کی بڑی وجہ دونوں ممالک کے نظامِ تعلیم میں نمایاں فرق ہے، جس نے روابط کو آگے بڑھنے سے روکا۔ پاکستان اور چین کی آزادی کے وقت حالات تقریباً یکساں تھے۔ پاکستان کی شرح خواندگی 16.3 فیصد اور چین کی 20 فیصد تھی۔ تاہم وقت کے ساتھ چین نے تعلیم کو قومی ترقی کا ستون بنایا جبکہ پاکستان دیگر ترجیحات میں الجھتا رہا۔ آج چین کی تعلیم پر سرمایہ کاری 812 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے جو اس کے جی ڈی پی کا تقریباً 4.22 فیصد ہے۔ اس بھاری سرمایہ کاری کا نتیجہ یہ نکلا کہ چین نے 9 سالہ لازمی تعلیم میں تقریباً سو فیصد انرولمنٹ حاصل کر لی، جبکہ پاکستان اب بھی عالمی سطح پر اسکول سے باہر بچوں کی دوسری بڑی تعداد رکھتا ہے۔ چین آج دنیا کے 200 سے زائد بہترین ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، آئی ٹی اور طب کے اداروں کی میزبانی کر رہا ہے۔ بیجنگ یونیورسٹی، چنگھوا یونیورسٹی، فودان یونیورسٹی، ژی جیانگ یونیورسٹی اور شانگھائی جیاٹونگ یونیورسٹی عالمی رینکنگ میں مسلسل ٹاپ 100-50 میں شامل رہتی ہیں۔ چین سالانہ 12 ہزار سے زائد پاکستانی طلبہ کو مختلف نوعیت کی اسکالرشپس فراہم کرتا ہے۔ چین کی طرف سے دی جانے والی CSC • اسکالرشپس، سی پیک اسکالرشپس، علاقائی تعاون کے تعلیمی پروگرام، زرعی تحقیق، انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، ماحولیات، میڈیکل سائنسز اور ووکیشنل ٹریننگ • کے پروگرام پاکستانی نوجوانوں کے لیے ترقی کا نیا باب کھول رہے ہیں۔ چین کے تعلیمی اداروں میں نہ صرف فیس کم ہے بلکہ ہاسٹل، طبی سہولیات اور تحقیق کے مواقع بھی دنیا کے کئی ترقی یافتہ ممالک کے مقابلے میں زیادہ بہتر اور سستے ہیں۔ چین میں قائم جدید ترین • ٹیکنالوجی پارکس، اسمارٹ لیبز، انکیوبیشن سینٹرز، مصنوعی ذہانت کے تحقیقی مراکز، اور زرعی جدت کے تجربہ گاہیں • پاکستان کے طلبہ کو جدید ترین علم فراہم کرتی ہیں۔ چین کی یہ سرمایہ کاری صرف تعلیم تک محدود نہیں بلکہ وہ اعصابی، حیاتیاتی، صنعتی اور خلائی تحقیق میں بھی اپنی جگہ بنا چکا ہے۔ آج دنیا میں سب سے زیادہ انجینئر اور سائنسدان چین میں تیار ہوتے ہیں — سالانہ تقریباً 45 • لاکھ گریجویٹس • سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں سے نکل کر عالمی معیشت کا حصہ بنتے ہیں۔ پاکستان کے لیے ان مواقع کی اہمیت دوچند ہے۔ پاکستان کا تعلیمی بجٹ اب بھی 5 ارب ڈالر سے کم ہے اور جی ڈی پی کا صرف 1.5 فیصد خرچ ہوتا ہے۔ اس کمزور سرمایہ کاری کے نتیجے میں پاکستان میں اعلیٰ تعلیم بدترین حالت کا شکار ہے۔ جامعات تحقیق میں پیچھے، ٹیکنالوجی سے غیر متعلق، اور ووکیشنل تربیت فرسودہ نظام کے مطابق چل رہی ہے۔ اس کے برعکس چین نے جدید • اسکل بیسڈ تعلیمی نظام • اختیار کر کے نوجوانوں کو نہ صرف تعلیم بلکہ مہارت، صلاحیت اور روزگار کی ضمانت فراہم کی۔ پاکستان اگر چین کے تجربات سے فائدہ اٹھائے تو وہ اپنے تعلیمی ڈھانچے کو مکمل طور پر جدید بنیادوں پر استوار کر سکتا ہے۔ چین کی طرز پر نیا ووکیشنل سسٹم، جدید ٹیکنیکل تربیت، کسانوں کے لیے اسمارٹ ایگریکلچر پروگرام، آئی ٹی ہبز، اور جدید سائنسی تحقیقی مراکز پاکستان کی معاشی حالت بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستان میں اگر اسکولوں اور کالجوں میں چینی زبان کی تدریس کو عام کیا جائے تو پاکستانی نوجوانوں کے لیے • بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کے 150 ممالک میں روزگار کے دروازے کھل سکتے ہیں۔ چینی مثال یہ بھی بتاتی ہے کہ کسی قوم کی معاشی اور سیاسی ترقی میں خواتین کی تعلیم بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ چین نے ریاستی پالیسی کے ذریعے خواتین کی تعلیم کے رکاوٹوں کو ہٹایا اور انہیں قومی ترقی کا فعال حصہ بنایا۔ پاکستان بھی اگر ایسا کرے تو تعلیم کا فائدہ معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ سکتا ہے۔ چین کا میرٹ پر مبنی اور اپٹیٹیوڈ بیسڈ تعلیمی ماڈل پاکستان کے لیے خاص طور پر اہم ہے۔ چین میں ہر طالب علم کو اس کے رجحان کے مطابق شعبہ منتخب کروایا جاتا ہے جس سے نہ صرف انفرادی ترقی ہوتی ہے بلکہ ملک کی مجموعی افرادی قوت بھی موثر بنتی ہے۔ پاک چین تعلیم میں تعاون نہ صرف جدید افرادی قوت تیار کرے گا بلکہ دونوں ممالک کے عوام کو بھی مزید قریب لائے گا۔ جو تعلق صرف معیشت یا سفارت تک محدود تھا، وہ نسلوں تک پھیلنے والی دوستی میں تبدیل ہو جائے گا۔ پاکستان کے لیے وقت کا سب سے بڑا تقاضا یہی ہے کہ وہ تعلیم کو ریاستی ترجیح بنائے، سرمایہ کاری بڑھائے، اصلاحات متعارف کرائے اور چین کے ساتھ تعلیمی بندھن کو مضبوط کرے، کیونکہ مستقبل انہی ممالک کا ہے جو علم اور تحقیق میں دنیا سے آگے ہوں گے۔



Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 02 DEC 2025

Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان یوتھ پالیسی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں